اولین مسانید میں سے مُسند أبي داود الطيالسي کا آسان اور سلیس اُردو ترجمہ

مُسند أبي داود الطيالسي مُترجم

تالیف

امام ابوداؤد سلیمان ابن داؤد ابن الجارود طیالسیؒ المتوفی ۲۰۴ھ

جلد اوّل

مُترجم

غلام دستگیر چشتی سیالکوٹی

مدرس جامعہ رسولیہ شیرازیہ بلال گنج لاہور

پروگریسو بکس

اولین مسانید میں سے مُسْنَد أبي داود الطيالسي کا آسان اور سلیس اُردو ترجمہ

مُسْنَد مُترجَم

أبي داود الطيالسي

مصنف

سُلیمان بن داود بن الجارُود

المتوفی ۲۰۴ھ

جلد اوّل

مُترجّم

غلام دستگیر چشتی سیالکوٹی

مدرس جامعہ رسولیہ شیرازیہ رضویہ بلال گنج لاہور

پروگریسو بکس

یوسف مارکیٹ ○ غزنی سٹریٹ
اُردو بازار ○ لاہور
فون 042-37124354 فیکس 042-37352795

اہم اعلان

میں آپ تمام کے لئے دعا گو ہوں کے اس پر فتن دور میں اللہ پاک نے آپ کو دینی علم کی رغبت عطا فرمائی۔

مزید آپ سے مدنی التجا ہے کہ وہ لوگ جو عالم دین نہیں اور احادیث مبارکہ کا بھی ذوق رکھتے ہیں ان میں سے اکثر نہیں جانتے ہیں کسی حدیث کی صحت کیسی ہے، اس میں کوئی ایسا راوی تو نہیں جس کی کسی معاملے میں روایت قبول نہیں کی جاتی، اگر صرف کسی مخصوص موضوع پر قبول کی جاتی ہے تو وہ کونسا موضوع ہے۔ مزید یہ کہ فلاں حدیثِ مبارکہ کا شانِ نزول کیا ہے، کس کے بارے اور کس حکم میں منقول ہوئی پھر آج تک اس موضوع پر اس حدیث مبارکہ پر ہی عمل ہے یا اس کے بعد اس موضوع پر کوئی اور حکم آقائے دو جہاں ﷺ کی طرف سے دیا گیا ہے، جیسا کہ رفع یدین اور اس جیسے دیگر بہت سے مسائل پر ایسا دیکھنے میں آیا ہے۔

چونکہ اس بات کی تفصیل سے عام لوگ واقف نہیں ہوتے لہذا اگر کسی حدیث مبارکہ کو پڑھنے کے بعد آپ کسی مسئلے میں کسی ذہنی خلش کا شکار ہوں تو علمائے اہل سنت کی شائع کردہ کتبِ احادیث مبارکہ کی شرح کا مطالعہ کیجیے تاکہ آپ کو متعلقہ حدیثِ مبارکہ کا پسِ منظر، شانِ نزول، اس کے راویوں کے بارے میں کہ کون قابل قبول ہے یا نہیں اور اس ضمن میں کوئی مزید حکم بھی آیا ہے یا نہیں اگر آیا ہے تو کیا ہے درست طور پر معلوم ہو سکے۔ طالب دعا

انتہائی ضروری ہدایات

بہت سے لوگ جو کتب احادیث کو دوسری کتابوں میں درج کی گئی احادیثِ مبارکہ کا حوالہ چیک کرنے کے لئے استعمال کرتے ہیں۔ وہ اس لئے کتاب لکھنے والے سے بدگمانی کا شکار ہو جاتے ہیں کہ وہ کتاب کے جلد نمبر یا صفحہ نمبر کے لحاظ سے حدیث کو تلاش کرنے کی کوشش کرتے ہیں۔ لیکن اس صفحہ نمبر یا اس جلد میں بھی بعد اوقات وہ حدیث مبارکہ نہیں ملتی۔ لہذا یہ سمجھ لیا جاتا ہے کہ اس کتاب میں تو فلاں حدیث موجود ہی نہیں لہذا حوالہ دینے والے نے جھوٹ لکھا ہے۔ لیکن اس میں بعد مصنف بھی غلطی کرتے ہیں اور تلاش کرنے والے اکثر حضرات تو شکار ہی اس غلطی کا ہوتے ہیں۔ وہ کیسے ؟؟؟

دوستو مختلف کتب چھاپنے والی کمپنیاں مختلف ترجمہ کرنے والے علمائے کرام کے علیحدہ علیحدہ ترجمے شائع کرتی ہیں۔ مگر ان میں کسی کا فونٹ سائز چھوٹا تو کسی میں بڑا، پھر صفحے کے سائز اور لائنوں کی تعداد، نیز یہ کہ عربی متن اور اردو ترجمہ میں سے دونوں یا صرف ترجمہ کتاب میں دیا جاتا ہے جس وجہ سے حوالے کے صفحہ نمبر اور احادیث مبارکہ کی تعداد کے باعث جلد نمبر میں بھی فرق آجاتا ہے۔

اب سوال یہ پیدا ہوتا ہے کہ کسی حدیث کو کس طرح چیک کیا جائے

کتاب پڑھنے والوں کے لئے ضروری ہدایات:

1. آپ نے کسی کتاب میں حدیث دیکھی، کسی بھی مقصد کے لئے آپ متعلقہ حدیث مبارکہ کو اس کتاب میں تلاش کرتے ہیں، اس صفحہ نمبر یا حدیث نمبر کے لحاظ سے تو آپ کو کتاب گئے صفحہ نمبر یا حدیث نمبر پر متعلقہ

حدیث مبارکہ مل جاتی ہے تو اچھی بات ہے، مگر بعض اوقات متعلقہ صفحہ نمبر یا حدیث نمبر پر آپ کو حدیث نہیں ملتی مگر اکثر اس کتاب میں موجود ضرور ہوتی ہے، تو اس کے لئے نیچے ہدایات دی گئی ہیں۔

2. پہلے کتاب کا نام تلاش کیجیے، پھر متعلقہ ابواب کس کتاب میں ہیں، پھر باب کا نمبر اور نام، پھر حدیث نمبر، پھر صفحہ اور جلد نمبر اگر دیا گیا ہو اور پھر کتاب کی ناشر کمپنی یا ادارے کا نام
مثلاً(صحیح بخاری، کتاب الوحی، باب 1: کیف کان بدء الوحی الی رسول اللہ صَلَّى اللهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ ۔۔۔۔۔۔، رقم الحدیث: 1، 1/101، فرید بک سٹال، لاہور)

3. جگہ کی کمی کے باعث کچھ مصنف ناشر کا نام کتاب کے آخر میں ماخذ و مراجع کی صورت میں دے دیتے ہیں۔

4. کچھ کتابوں میں حوالہ مضمون کے ساتھ نہیں دیا جاتا، صرف حوالہ نمبر دے کر کتاب کے آخر میں ماخذ و مراجع سے پہلے حوالہ نمبر کی گنتی کے لحاظ سے مکمل حوالہ درج کر دیا جاتا ہے۔

5. مثلاً میں یہاں حوالہ نمبر دے رہا ہوں (203)

6. اب ان ہدایات کے آخر میں مکمل حوالہ نوٹ کروں گا، اسی طرح نمبرز کی ترتیب سے کچھ کتب میں حوالہ دیا جاتا ہے۔

7. ایسی صورت میں بعض اوقات ماخذ و مراجع بھی حوالے کے ساتھ لکھ دیا جاتا ہے، اور علیحدہ لکھنے کی ضرورت نہیں رہتی۔

8. ایک اور بات یاد رہے، مثلاً ناشر نمبر 1 کی چھپی ہوئی صحیح بخاری میں پہلی جلد میں 1300 احادیث ہیں مگر دوسری جلد میں اکثر ناشر حدیث نمبر 1301 سے شروع کرتے ہیں مگر کچھ ناشر مثلاً ناشر نمبر 2 دوسری جلد میں شروع تو اگلی حدیث سے ہی کرتے ہیں مگر دوسری جلد نمبر پھر حدیث نمبر 1 سے ہی جلد کا آغاز کرتے ہیں، اب اگر ناشر نمبر 1 دوسری جلد 3310 احادیث پر ختم کر کے تیسری جلد 3111 پر شروع کر رہا ہے، مگر ناشر

نمبر 2 دوسری جلد شاید 3310 پر ختم کرے یا 2700 یا 3100 یا جتنی وہ چاہے احادیث پر ختم کرے مگر شروع حدیث نمبر ایک سے کیا ہے تو 1400 یا 1800 ہی اس میں حدیث نمبر اس میں ہو گا اس لئے اوپر دی گئی ہدایت کی مکمل پیروی کیجیے تا کہ کوئی بھی حدیث تلاش کرنے میں آسانی ہو۔

9. اگر کسی کتاب میں حدیث لکھ کر مجموعہ الحدیث کا صرف نام دیا گیا ہے، مثلاً سنن ابن ماجہ، تو آپ حدیث مبارکہ کا مضمون دیکھیے، پھر سوچیے کہ سنن ابن ماجہ میں کتاب الایمان، کتاب العلم، کتاب الصلوۃ یا کسی کتاب سے اس کا تعلق ہو سکتا ہے، پھر اگر متعلقہ باب کا تعین بھی ہو سکتا ہے تو ٹھیک ورنہ اسی کتاب میں احادیث مبارکہ کے مضامین کا مطالعہ کر کے تلاش کیجیے۔

مصنف اور مترجم حضرات سے عاجزانہ التجا:

1. مصنف حضرات کو چاہئے کہ کسی بھی کتاب میں احادیث مبارکہ کے جتنے بھی حوالہ جات درج کئے جائیں۔ایک کتاب سے متعلق تمام حوالہ جات ایک ہی کمپنی کی چھپی ہوئی کتاب سے نقل کیے جائیں۔ چاہے عربی سے، اردو سے یا عربی اردو سے لئے جائیں۔
2. جو بھی حدیث مبارکہ کسی کتاب میں درج کی جائے، اس کا مکمل حوالہ دیا جائے۔

جیسے مجموعہ حدیث کا نام، متعلقہ باب کس کتاب میں ہے، باب نمبر اور باب کا نام، پھر حدیث نمبر، مزید بہتر ہے کہ بعد میں صفحہ نمبر اور جلد نمبر بھی دیا جائے

مثلاً نیت پر مشتمل صحیح بخاری کی پہلی حدیث مبارکہ کا حوالہ درج کر رہا ہوں۔

(صحیح بخاری، کتاب الوحی ، باب 1: کیف کان بدء الوحی الی رسول اللہ ﷺ ـــــ، رقم الحدیث:1، 1/101، فرید بک سٹال، لاہور)

3. کتاب کے آخر میں فہرست بنائی جائے کہ کس کس کمپنی کی شائع کی گئی کس کس کتاب سے حوالہ لیا گیا ہے۔

4. کتاب کے آخر میں ماخذ و مراجع ضرور دیے جائیں اور ان میں ناشر کی ترتیب کے ساتھ سنہ اشاعت بھی ضرور دی جائے، بعض اوقات ایک ہی ناشر کی دو بار چھپنی ہوئی کتاب میں بھی فونٹ سائز، فونٹ کی تبدیلی یا کسی دوسری وجہ سے صفحہ نمبر وغیرہ بدل جاتا ہے۔ شکریہ

اب آپ مطالعہ کیجیے، آپ خوش نصیب ہیں کہ برائی و بے حیائی کے اس دور میں بھی اللہ پاک نے آپ کو دینی کتب کا مطالعہ کرنے کی توفیق عطا فرمائی ہے۔ اللہ پاک آپ کو کتب اسلامیہ سے صرف ہدایت عطا فرمائے اور آپ کا اور میرا خاتمہ ایمان پر فرمائے اور بغیر کسی عذاب کو برداشت کیے سیدھا جنت میں داخلہ عطا فرمائے۔ آمین

طالب دعا

---

203. (صحیح بخاری، کتاب الوحی، باب 1: کیف کان بدء الوحی الی رسول اللہ ﷺ ـــــ، رقم الحدیث: 1، 1/101، فرید بک سٹال، لاہور)

204. ـــــ (مکمل حوالہ) ـــــ

205. ـــــ (مکمل حوالہ) ـــــ

بسم اللہ الرحمن الرحیم

مُسند أبي داود الطيالسي

جلد اول

سلیمان بن داود بن الجارود

المتوفی ۲۰۴ھ

مترجم

غلام دستگیر چشتی سیالکوٹی

مدرس جامعہ رسولیہ شیرازیہ رضویہ بلال گنج لاہور

بار اول	ستمبر 2014ء
پرنٹرز	آر آر پرنٹرز
تعداد	1100/-
ناشر	چوہدری غلام رسول۔ میاں جواد رسول میاں شہزاد رسول
قیمت	/= روپے

ملنے کے پتے

ملت پبلی کیشنز
فیصل مسجد اسلام آباد Ph: 051-2254111
E-mail: millat_publication@yahoo.com

اسلام بک ڈپو
۱۲۔ گنج بخش روڈ لاہور فون 042-37112941 0323-8636776

شوروم ملت پبلی کیشنز دوکان نمبر 5- مکہ سنٹر نیو اردو بازار لاہور 0321-4146464
Ph: 042-37239201 Fax: 042-37239200

پروگریسو بکس
یوسف مارکیٹ ۰ غزنی سٹریٹ
اردو بازار ۰ لاہور
فون 042-37124354 فیکس 042-37352795

فہرست

عنوانات	صفحہ
☆ الاھداء	7
☆ انتساب	8
☆ عرضِ ناشر	9
☆ عرضِ مترجم	10
☆ تقریظ	13
1- حضرت سیدنا ابوبکر رضی اللہ عنہ کی احادیث	15
2- حضرت عمر بن خطاب بن نفیل بن عبدالعزیٰ بن رباح بن عبداللہ بن قرط بن رزاح بن عدی بن کعب رضی اللہ عنہ کی رسول اللہ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم سے روایت کردہ احادیث	22
3- حضرت عبداللہ بن عباس رضی اللہ عنہما کی حضرت عمر رضی اللہ عنہ سے روایت کردہ احادیث	31
4- دیگر افراد کی حضرت عمر رضی اللہ عنہ سے روایت کردہ احادیث	39
5- حضرت عثمان بن عفان بن ابی العاص بن امیہ بن عبد شمس رضی اللہ عنہ کی نبی کریم صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم سے روایت کردہ احادیث	67
6- حضرت علی بن ابی طالب بن عبدالمطلب بن ہاشم بن عبد مناف رضی اللہ عنہ کی نبی اکرم صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم سے روایت کردہ احادیث	77
7- حضرت زبیر بن العوام رضی اللہ عنہ کی احادیث	136
8- حضرت سعد بن ابی وقاص رضی اللہ عنہ کی احادیث	138
9- حضرت عبدالرحمٰن بن عوف رضی اللہ عنہ کی احادیث	156
10- حضرت ابوعبیدہ بن جراح رضی اللہ عنہ کی احادیث	158
11- حضرت طلحہ بن عبیداللہ رضی اللہ عنہ کی احادیث	160
12- حضرت سعید بن زید بن عمرو بن نفیل رضی اللہ عنہ کی احادیث	162
13- حضرت عبداللہ بن مسعود رضی اللہ عنہ کی اسناد	168
14- حضرت حذیفہ بن یمان رضی اللہ عنہ کی احادیث	273
15- حضرت ابوذر غفاری رضی اللہ عنہ کی احادیث	301
16- حضرت ابوموسیٰ اشعری رضی اللہ عنہ کی احادیث	331
17- حضرت ابوموسیٰ رضی اللہ عنہ سے حضرت ابوعبیدہ کی روایت کردہ احادیث	333

عنوانات	صفحہ
18- حضرت ابوعثمان النہدی کی حضرت ابوموسیٰ رضی اللہ عنہ سے روایت کردہ احادیث	335
19- حضرت انس بن مالک رضی اللہ عنہ کی حضرت ابوموسیٰ رضی اللہ عنہ سے روایت کردہ حدیث	336
20- حضرت ابوبردہ بن ابی موسیٰ کی اپنے والد (حضرت ابوموسیٰ رضی اللہ عنہ) سے روایت کردہ احادیث	337
21- حضرت مرہ کی حضرت ابوموسیٰ رضی اللہ عنہ سے روایت کردہ حدیث	343
22- حضرت حمید بن عبدالرحمٰن حمیری کی حضرت ابوموسیٰ اشعری رضی اللہ عنہ سے روایت کردہ حدیث	344
23- حضرت سعید بن ابی ھند کی حضرت ابوموسیٰ رضی اللہ عنہما سے روایت کردہ حدیث	345
24- حضرت یزید بن اوس کی حضرت ابوموسیٰ سے روایت کردہ حدیث	346
25- حضرت ضحاک بن عبدالرحمٰن کی حضرت ابوموسیٰ رضی اللہ عنہما سے روایت کردہ حدیث	347
26- حضرت سعید بن جبیر وغیرہ کی حضرت ابوموسیٰ رضی اللہ عنہما سے روایت کردہ حدیثیں	348
27- حضرت ابومجلز وغیرہ کی حضرت ابوموسیٰ رضی اللہ عنہما سے روایت کردہ احادیث	350
28- حضرت عبداللہ بن سخبرہ کی حضرت ابوموسیٰ رضی اللہ عنہ سے روایت کردہ حدیث	361
29- حضرت ابوبکر بن ابوموسیٰ کی حضرت ابوموسیٰ رضی اللہ عنہ سے روایت کردہ احادیث	362
30- حضرت حمید بن ھلال کی حضرت ابوموسیٰ رضی اللہ عنہ سے روایت کردہ احادیث	363
31- حضرت ابی بن کعب رضی اللہ عنہ کی احادیث	367
32- حضرت معاذ بن جبل رضی اللہ عنہ سے روایت کردہ احادیث	383
33- حضرت عبادہ بن صامت رضی اللہ عنہ کی احادیث	393
34- حضرت ابوایوب انصاری رضی اللہ عنہ کی احادیث	404
35- حضرت زید بن ثابت رضی اللہ عنہ کی احادیث	415
36- حضرت ابوقتادہ رضی اللہ عنہ کی نبی اکرم صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم سے روایت کردہ احادیث	426
37- حضرت ابومسعود بدری رضی اللہ عنہ کی احادیث	439
38- حضرت اسامہ بن زید رضی اللہ عنہ کی احادیث	448
39- حضرت عمار بن یاسر رضی اللہ عنہ کی احادیث	457
40- حضرت سلمان فارسی رضی اللہ عنہ کی احادیث	467

عنوانات	صفحہ

عنوانات	صفحہ

☆☆☆☆☆



الاھداء

احقر اپنی اس کاوش کو عالمِ اسلام کی عظیم روحانی شخصیت جن کی عظمت کا جھنڈا پورے عالم اسلام پر چمک رہا ہے' جنھوں نے کروڑوں لوگوں کے مردہ دلوں کے اندر توحید و رسالت کی خوشبو بکھیری۔

جن کو سرتاج اولیاء' سلطان الاولیاء' نائب رسول' عطائے رسول' حضور خواجہ خواجگان حضرت معین چشتی نے ان القابات سے نوازا ہے:

گنج بخش فیض عالم مظہر نورِ خدا ناقصاں را پیر کامل' کامل راہنما

علی ہجویری المعروف داتا گنج بخش اور سلطان الفقر حضور سیّدی و مرشدی' آقائے نعمت' پیر سیّد غلام دستگیر چشتی مشہدی کاظمی موسوی قدس سرہُ العزیز اور نائب سلطان الفقر حضور مرشدی وسیدی پیر سید احسان الحق مشہدی کاظمی موسوی دام اللہ ظلہ کے نام کرتا ہوں' جن کی خاص توجہ اور دعاؤں کے صدقے احقر اس قابل ہوا۔

خاکپائے علماءِ حق اہل سنت و جماعت
غلام دستگیر چشتی سیالکوٹی

☆☆☆☆☆

انتساب

احقر العباد اپنی اس کاوش کو اپنے جملہ اساتذہ کے نام اور خصوصاً استاذ الاساتذہ شیخ الحدیث والتفسیر یادگارِ اسلاف' میرے محسن ومربی

حضور مفتی گل احمد خان عتیقی مدظلہ العالی

اورمحافظ ناموسِ رسالت داعیٔ اتحاد اہل سنت' علمبردارِ فکرِ رضا' میرے محسن ومشفق استاذی المکرّم

حضرت علامہ مولانا صاحبزادہ رضائے مصطفےٰ نقشبندی

اورداعیٔ فکر حضرت صدرالافاضل شیخ الحدیث والتفسیر' مفکرِ اسلام' میرے محسن ومربی ومشفق

حضرت علامہ مولانا ڈاکٹر محمد عارف نعیمی مدظلہ العالی

کے نام کرتا ہوں جن کی شب وروز کی محنت اوردعاؤں کے صدقے احقر اس قابل ہوا ہے۔

خاکپائے علماءِ حق اہل سنت وجماعت
غلام دستگیر چشتی سیالکوٹی

☆☆☆☆☆

عرضِ ناشر

اللہ عزوجل اور رسول اللہ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کے فضل و کرم سے اور آپ حضرات کی دعاؤں کے طفیل ادارہ پروگریسو بکس' اردو بازار' لاہور نے بہت تھوڑی مدت میں بہت زیادہ نایاب کام شائع کر کے آپ حضرات تک پہنچائے ہیں۔ اس سے پہلے ادارہ کی طرف سے کئی موضوعات پر کتب شائع کی گئی ہیں اور احادیث مبارک میں سے ریاض الصالحین' مسند حمیدی' صحیح ابن خزیمہ' صحیح ابن حبان' شرح الادب المفرد' شرح مسند امام اعظم' مؤطا امام مالک' مؤطا امام محمد' سنن ابوداؤد' صحیح مسلم کے تراجم شائع کیے جا چکے ہیں۔ اس سلسلہ کو برقرار رکھتے ہوئے اب ادارہ کی طرف سے سب سے پہلی لکھی جانے والی مسند ابوداؤد الطیالسی کا ترجمہ ہے' جو آپ کے ہاتھوں میں موجود ہے۔ اس حدیث شریف کی کتاب کا ترجمہ عالم اسلام کی عظیم روحانی و دینی درسگاہ کے فاضل و مدرس محترم المقام حضرت علامہ مولانا غلام دستگیر چشتی سیالکوٹی نے کیا ہے۔ مولانا نے بڑی محنت و کاوش کے ساتھ ترجمہ کیا ہے۔ اللہ عزوجل مولانا صاحب کے علم و عمل میں مزید برکت دے اور مزید دین کی خدمت کی توفیق عطا فرمائے۔

اور آخر میں ہم اپنے ادارہ کے کمپوزر جناب ریحان علی صاحب کا شکریہ ادا کرنا ضروری سمجھتے ہیں جنہوں نے دن رات ایک کر کے اس کتاب کی کمپوزنت کی' اللہ تعالیٰ ان کی محنت کو اپنی بارگاہ میں قبول فرمائے! آمین!

الداعی الی الخیر:

چوہدری غلام رسول

چوہدری شہباز رسول

چوہدری جواد رسول

چوہدری شہزاد رسول

☆☆☆☆☆

عرضِ مترجم

تمام تعریفیں اللہ عزوجل کی ذاتِ پاک کے لیے اور درود و سلام اس ذاتِ پاک پر جس کے نام سے یہ کائنات کا نظام چل رہا ہے۔ امابعد! قرآن پاک کے بعد مقام و مرتبہ سرکارِ دو عالم ﷺ کے ارشاداتِ عالیہ کا ہے۔ بڑا خوش نصیب وہ انسان ہے جس کو اللہ عزوجل اپنے مصطفیٰ ﷺ کے دین کی خدمت کے لیے چن لے اور جس انسان کو دین کی خدمت کی توفیق مل جائے اس کو اس پر بڑا خوش رہنا چاہیے۔ راقم الحروف جتنا بھی اللہ عزوجل اور اس کے رسول ﷺ کا شکر یہ ادا کرے اتنا ہی کم ہے۔

راقم الحروف کو تحریر کا شوق زمانہ طالب علمی ہی میں بہت زیادہ تھا کہ جب میں اپنے اساتذہ کرام اور بزرگوں کو دینی کتب کا مطالعہ کرتے اور تحریر میں مگن دیکھتا تو دل سے یہ آواز آتی کہ کاش مجھے بھی اللہ عزوجل اپنے پیارے حبیب ﷺ کے صدقے سے یہ ذوق اور شوق عطا فرمائے۔ پھر اس کے بعد لگن و شوق میں مزید اضافہ ہوتا رہا' آخر کار جب دورۂ حدیث شریف پڑھنے کی سعادت حاصل ہوئی تو میرے عظیم محسن و راہنما جناب مفتی ڈاکٹر محمد عارف نعیمی صاحب سے سنن ابن ماجہ پڑھنے کی سعادت حاصل ہوئی۔ آپ نے کتاب کے شروع کرنے سے پہلے فرمایا: ہم سنن ابن ماجہ کے اسماء و رجال پر گفتگو کیا کریں گے' میں لکھا کرلاؤں گا اور آپ حضرات اس کو اپنی کاپی پر نوٹ کرتے جائیں۔ یہ سلسلہ کچھ دن چلا' پھر آپ نے فرمایا: آپ بھی کتب اسمائے رجال کا مطالعہ کر کے آیا کریں اور جو سمجھ آئے اس کو لکھ لایا کرو۔ کچھ ساتھیوں نے اس کی حامی بھرلی' آپ نے کتب کے نام بھی بتادیئے' ایک دو دن تک کام جاری رہا' آخر کار ساتھی ہمت ہار گئے' یہ مسلسل جاری نہ رہ سکا اور ذوق بھی کم تھا۔ اس لیے استاذ صاحب نے اس کی طرف توجہ کم کردی' لیکن راقم الحروف کے شوق و ذوق میں مزید اضافہ ہوا' پھر سلسلہ چل پڑا۔ پھر اس کے بعد تنظیم المدارس اہل سنت پاکستان کی طرف سے دیئے گئے مقالہ جات میں مقالہ تحریر کیا' جس کا عنوان حضرت صدر الافاضل کی تفسیر خزائن العرفان کے ایک سپارے کی تخریج اور اعلیٰ حضرت کا علمی مقام تھا' یہ بھی اسی سلسلہ کی ایک کڑی تھی جس کو احقر نے بڑی جلد لکھ لیا۔ اس کے بعد علامہ ظفر الدین بہاری علیہ الرحمۃ کی کتاب دورِ صحابہ میں ایصالِ ثواب کی مختلف صورتیں' اس کی تخریج کی۔ اس کے بعد سلسلہ چل پڑا' جو تا ہنوز اللہ عزوجل کے فضل و کرم سے جاری ہے۔ اس کے بعد احقر نے مسند ابوداؤد طیالسی کا ترجمہ کیا جو آپ حضرات کے ہاتھوں میں ہے۔ اس سلسلہ میں کتنی مشکلات و

تکالیف کا سامنا کرنا پڑا' جس کا ذکر نہ کرنا ہی بہتر ہے۔ اس سلسلہ میں جن حضرات نے تعاون کیا کتبِ حدیث کے پیش نظر اُن حضرات کا ذکر کرنا ضروری سمجھتا ہوں۔ سب سے پہلے جس شخص نے میرے ساتھ تعاون کیا ہے اُن کا نام نامی کسی تعارف کا محتاج نہیں ہے' میری مراد استاذ الاساتذہ شیخ القرآن والحدیث زینت سند تدریس حضرت العلام مفتی گل احمد خان عتیقی صاحب مدظلہ العالی' شیخ الحدیث جامعہ رسولیہ شیرازیہ کا' جنہوں نے اتنا تعاون کیا ہے جن کا ذکر الفاظ کی صورت میں نہیں کر سکتا۔ اتنا ضرور کہوں گا کہ اگر آپ کا تعاون شاملِ حال نہ ہوتا تو ہوسکتا ہے کہ یہ اتنا بڑا کام مکمل نہ ہوسکتا۔ اس کے بعد اہل سنت کی عظیم شخصیت مجاہد ملت اسلامیہ' محافظ ناموسِ رسالت' علمبردار فکر رضا' داعیٔ اتحاد اہل سنت حضرت العلام استاذی المکرّم صاحبزادہ رضائے مصطفیٰ نقشبندی صاحب' ناظم اعلیٰ جامعہ رسولیہ شیرازیہ اور صدر تحفظ ناموسِ رسالت محاذ کا شکریہ ادا کرنا ضروری سمجھتا ہوں۔ آپ کا تعاون جتنا احقر کے شاملِ حال رہا' اس کا ذکر الفاظ کی صورت میں ناممکن ہے۔ آپ نے زمانۂ طالب علمی میں ہی احقر کو جامعہ کی لائبریری کی چابی عنایت فرمائی تھی جو ابھی تک میرے پاس موجود ہے' آپ نے اجازت عامہ عطا فرمائی ہوئی ہے کہ جس وقت آپ چاہیں مطالعہ کریں' دن یا رات کے کسی بھی وقت۔ راقم نے مسند ابوداؤد طیالسی کا ترجمہ جس نسخہ سے کیا وہ جامعہ کی ہی لائبریری کا ہے' اس کے علاوہ ہر طرح کا تعاون شاملِ حال رہا۔ اس کے علاوہ استاذی المکرّم مفکر اسلام ڈاکٹر محمد عارف نعیمی صاحب کا' جن کے توسط سے احقر کو قلم پکڑنے کا طریقہ معلوم ہوا۔ آپ نے مفید مشوروں سے نوازا۔ استاذی المکرّم شیخ الحدیث مفتی محمد اشرف بندیالوی' جنہوں نے اپنی دعاؤں کی صورت میں تعاون کیا۔ استاذی المکرّم علامہ مولانا محمد یونس صاحب' حضرت علامہ مولانا میاں محمد رضا صاحب کا' حضرت علامہ مولانا محمد مقصود نقشبندی صاحب کا اور میرے زمانۂ طالب علمی کے ساتھی' انتہائی خلوص والے جناب حضرت علامہ مولانا طاہر رضا چشتی صاحب کا بھی شکریہ ادا کرنا ضروری سمجھتا ہوں جنہوں نے اپنی خاص دعاؤں میں یاد رکھا۔

آخر میں شیخ طریقت کے لختِ جگر حضرت پیر سیّد احسان الحق مشہدی کاظمی موسوی کا ذکر کرنا ضروری سمجھتا ہوں۔ ہوا ایسے ہے کہ آپ جب لاہور تشریف لائے' احقر آپ کی زیارت وملاقات کے لیے گیا اور ساتھ کتاب کا مسودہ بھی لے گیا۔ آپ کو پیش کیا' آپ نے ملاحظہ کیا اور بے حد خوش ہوئے اور بڑے خلوص کا اظہار فرمایا اور فرمانے لگے: میری دعا آپ کے شاملِ حال ہے۔ احقر نے عرض کی: حضور! کچھ مشکلات بھی ہیں' آپ نے فرمایا: انشاء اللہ العزیز! اللہ عزوجل مشکلات آسان کر دے گا۔ میں سمجھتا ہوں کہ یہ سارا آپ کی دعاؤں کا نتیجہ ہے' اللہ عزوجل آپ کا سایہ تادیر تک موجود رہے' آپؒ کے روحانی فیوض وبرکات سے ہم سب کو مستفید فرمائے!

حرفِ آخر

آخر میں اُن حضرات کا شکریہ ادا کرنا ضروری سمجھتا ہوں جنہوں نے کمپوزنگ و دیگر معاملات میں تعاون کیا ہے' ہر دل عزیز شخصیت محترم المقام جواد رسول صاحب اور آپ کے دیگر برادران کا دل سے شکریہ ادا کرتا ہوں جنہوں نے اس کو شائع کرنے میں بھرپور حصہ لیا۔ محترم جواد رسول صاحب نے تو کتاب کے شائع کرنے میں جتنی محنت کی ہے اس کا اظہار الفاظ کی صورت میں ناممکن ہے۔ دعا گو ہوں کہ اللہ عزوجل اس ادارہ کو مزید برکت دے اور مزید خدمت دین کی توفیق ہے اور جنہوں نے کمپوزنگ میں بڑا تعاون کیا جناب محترم المقام ریحان علی صاحب' اللہ عزوجل ان کے اس خلوص میں مزید برکت دے۔

اعتذار

احقر کو اپنی کم علمی کا بھرپور ادراک ہے' قارئین کرام! اگر آپ اس میں کوئی اچھائی دیکھیں تو دعاؤں میں شامل رکھیں' اگر کوئی غلطی یا کمی ہو تو اس حوالہ سے تعاون کریں اور اچھا مشورہ دیں۔

غلام دستگیر چشتی

مدرس جامعہ رسولیہ شیرازیہ

☆☆☆☆☆

تقریظ

جانشین محقق اسلام، مجاہد ملت اسلامیہ، محافظ ناموسِ رسالت، داعیٔ اتحاد اہل سنت، استاذی المکرّم شیخ الحدیث حضرت صاحبزادہ رضائے مصطفیٰ نقشبندی مدظلہ العالی

ناظم اعلیٰ جامعہ رسولیہ شیرازیہ، بلال گنج، لاہور

صدر تحفظ ناموسِ رسالت محاذ

مسند ابوداؤد طیالسی شریف جو کہ مسانید کی اوّلین کتب میں سے ہے، جس کے مصنف الحافظ الکبیر سلیمان بن داؤد بن الجارود الفارسی البصری الشہیر بابی داؤد الطیالسی المتوفی ۲۰۴ھ ہیں، آپ نے بڑی محنت کے ساتھ مسند کو مرتب کیا ہے، اللہ عزوجل ان بزرگوں کو نیک کاوش کی جزاء عطا فرمائے! جنھوں نے حضور صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کی احادیث کو بڑی ذمہ داری سے جمع کر کے آنے والی اُمت تک پہنچایا۔ ضرورت اس امر کی تھی کہ اُردو دان طبقہ مسند ابوداؤد طیالسی سے استفادہ کرے۔ اس ضرورت کو جامعہ رسولیہ شیرازیہ کے نوجوان عالم فاضل و مدرس مولانا غلام دستگیر چشتی سیالکوٹی نے پورا کیا ہے۔ مولانا دورِ طالب علمی سے انتہائی محنتی اور لائق علم دوست، کتاب دوست پائے گئے ہیں۔ مولانا اس علمی ذوق کے سبب سے ہی اہم ترین کتب حدیث کے تراجم کر رہے ہیں۔ اُن میں سے مسند ابوداؤد طیالسی شریف بھی ہے، اللہ عزوجل کی بارگاہ میں دعا ہے کہ اپنے پیارے حبیب صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کے صدقے مولانا کو اسی علمی لگن کے ساتھ درسِ تدریس کے ساتھ ساتھ تصنیف و تالیف کا سلسلہ جاری رکھنے کا موقع عطا فرمائے۔ ان کی تحریر کو علم دوست حضرات کے لیے نفع کا سبب بنائے۔ آمین بجاہ سیّد العالمین!

رضائے مصطفیٰ نقشبندی

خادم جامعہ رسولیہ شیرازیہ

استاذ الاساتذہ شیخ الحدیث والتفسیر
مفتی گل احمد خان عتیقی

شیخ الحدیث جامعہ رسولیہ وہجویریہ، لاہور

باسمہٖ سبحانہ تعالیٰ حامدًا مصلیًا ومسلمًا

ہر دور میں اشاعتِ اسلام کے تین طریقے مروّج رہے ہیں: (۱) درس وتدریس (۲) تصنیف وتحقیق (۳) وعظ وتبلیغ۔ اکابر میں سے بعض نے صرف درس وتدریس کے ذریعے اشاعتِ اسلام کا فریضہ سرانجام دیتے رہے اور نامور ترین تلامذہ تیار کیے، جیسے شہنشاہِ تدریس بحر العلوم استاذ الاساتذہ علامہ عطاء محمد مرحوم اور حضرت محدث اعظم پاکستان علامہ محمد سردار احمد صاحب مرحوم اور بعض ایسی نامور ترین شخصیات گزری ہیں جنہوں نے درس وتدریس اور تصنیف وتحقیق کے ذریعے یہ فریضہ سرانجام دیا، جیسے شیخ الحدیث والتفسیر جامعہ علومِ عقلیہ ونقلیہ علامہ مولانا غلام رسول رضوی شارحِ بخاری اور بعض ایسی جلیل القدر وخوش نصیب شخصیات ہوئی ہیں جنہوں نے تینوں طریقوں درس وتدریس، تصنیف وتحقیق اور وعظ وتبلیغ سے بھرپور انداز میں یہ فریضہ سرانجام دیا، ان خوش نصیب شخصیات میں سے اپنے دور میں سب سے زیادہ کثیر التصانیف شخصیت حضرت علامہ فیض احمد اویسی مرحوم ومغفور بھی ہیں، اس موجودہ دور میں ان خوش نصیب کم عمر شخصیات میں سے جو تینوں طریقوں سے اشاعت دین کا فریضہ سرانجام دینے میں سرگرم عمل ہیں، وہ مولانا غلام دستگیر صاحب، مدرس جامعہ رسولیہ شیرازیہ بھی ہیں، جو بفضلہٖ تعالیٰ وبوسیلہ سیّد الانبیاء علیہ التحیۃ والثناء ماشاء اللہ متعدد کتب احادیث کے ترجمہ کی سعادت حاصل کر چکے ہیں۔ اُن کتب میں سے ''المعجم الصغیر للطبرانی اور مسند ابوداؤد طیالسی''، علاوہ ازیں المعجم الاوسط کا ترجمہ آخری مراحل میں ہے، علاوہ ازیں دیگر مختصر مختصر کتب بھی ان کے قلم سے منظر عام پر آ چکی ہیں۔ ماشاء اللہ بڑی محنت ولگن سے شب وروز مصروفِ تصنیف وتالیف ہیں اور زندگی کا لمحہ بھر بھی ضائع نہیں ہونے دے رہے۔ بڑی سرعت کے ساتھ تراجم وتحقیق میں مصروف ہیں۔ مسند ابوداؤد طیالسی کا ترجمہ متعدد جگہ سے دیکھنے کا اتفاق ہوا، ترجمہ میں بڑی سلاست اور روانی ہے۔ اللہ تعالیٰ ان کے علم وعمل، تصنیف وتحقیق میں برکت عطا فرمائے اور ان کی تصانیف کو آخری کی پونجی اور نجات کا ذریعہ بنائے اور انہیں صحیح معنوں میں اسلاف کے نقش قدم پر چلنے کی توفیق عنایت فرمائے۔ آمین بجاہ سیّد المرسلین علیہ التحیۃ والتسلیم الی یوم الدین۔

حررہ: شیخ الحدیث والتفسیر محمد گل احمد خان عتیقی

شیخ الحدیث جامعہ رسولیہ شیرازیہ وہجویریہ، لاہور

09-08-14

بِسْمِ اللّٰهِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِيْمِ

اللہ کے نام سے شروع جو بڑا مہربان نہایت رحم والا ہے

1- اَحَادِيْثُ اَبِي بَكْرٍ رَضِيَ اللّٰهُ عَنْهُ

حضرت سیدنا ابوبکر رضی اللہ عنہ کی احادیث

وَاسْمُهُ عَبْدُ اللّٰهِ بْنُ عُثْمَانَ بْنِ عَامِرِ بْنِ عَمْرِو بْنِ سَعْدِ بْنِ تَيْمِ بْنِ مُرَّةَ

آپ کا اسم گرامی عبداللہ بن عثمان بن عامر بن عمرو بن سعد بن تیم بن مرہ ہے

1 - حَدَّثَنَا شُعْبَةُ، قَالَ: اَخْبَرَنَا عُثْمَانُ بْنُ الْمُغِيرَةِ، عَنْ عَلِيِّ بْنِ رَبِيعَةَ الْاَسَدِيِّ، عَنْ اَسْمَاءَ بْنِ الْحَكَمِ الْفَزَارِيِّ، قَالَ: سَمِعْتُ عَلِيًّا رَضِيَ اللّٰهُ عَنْهُ يَقُولُ: كُنْتُ اِذَا سَمِعْتُ مِنْ رَسُولِ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ حَدِيثًا يَنْفَعُنِي اللّٰهُ عَزَّ وَجَلَّ بِمَا شَاءَ اَنْ يَنْفَعَنِي، قَالَ عَلِيٌّ: وَحَدَّثَنِي اَبُو بَكْرٍ، وَصَدَقَ اَبُو بَكْرٍ رَضِيَ اللّٰهُ عَنْهُ، اَنَّ رَسُولَ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ قَالَ: مَا مِنْ عَبْدٍ يُذْنِبُ ذَنْبًا ثُمَّ يَتَوَضَّا وَيُصَلِّي رَكْعَتَيْنِ، ثُمَّ يَسْتَغْفِرُ اللّٰهَ اِلَّا غَفَرَ لَهُ، ثُمَّ تَلَا هٰذِهِ الْآيَةَ (وَالَّذِينَ اِذَا فَعَلُوا فَاحِشَةً اَوْ ظَلَمُوا اَنْفُسَهُمْ ذَكَرُوا اللّٰهَ فَاسْتَغْفَرُوا لِذُنُوبِهِمْ) (آل عمران: **135**) الْآيَةَ، وَالْآيَةَ الْاُخْرَى: (وَمَنْ يَعْمَلْ سُوءًا اَوْ يَظْلِمْ نَفْسَهُ) (النساء: **110**) الْآيَةَ

حضرت اسماء بن حکم فزاری رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ میں نے حضرت علی رضی اللہ عنہ کو فرماتے سنا: جب میں رسول اللہ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کے حوالہ سے حدیث سنتا ہوں تو مجھے اس سے اللہ عزوجل فائدہ ہوتا ہے جتنا مجھے نفع دینا چاہے۔ حضرت علی رضی اللہ عنہ نے فرمایا: اور مجھے ابوبکر نے بیان کیا اور حضرت ابوبکر نے سچ ہی کہا' بے شک رسول اللہ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے فرمایا: جس بندہ سے گناہ ہو جائے پھر وہ وضو کرے اور دو رکعت (نفل) ادا کرے' پھر اللہ عزوجل سے بخشش طلب کرے' تو اس کو بخش دیا جاتا ہے' پھر آپ نے یہ آیت تلاوت فرمائی: وہ لوگ جو بے حیائی کرتے ہیں' یا اپنی جانوں پر ظلم کرتے ہیں اور اللہ کو یاد کر کے اپنے گناہوں کی بخشش طلب کریں' اور دوسری آیت: "اور جو برا عمل کرے یا اپنی جان پر ظلم کرے"۔

1- أخرجه أحمد رقم الحديث: 2-47-48' والبزار رقم الحديث: 8-9' والمروزى فى مسند أبى بكر رقم الحديث: 2-10' وأبو يعلى رقم الحديث: 13-14' من طريق شعبة' به وأخرجه الحميدى رقم الحديث: 1-4' وابن أبى شيبة فى المصنف جلد2 صفحه 387' وأبو داؤد رقم الحديث: 1522' والنسائى فى الكبرى رقم الحديث: 10247' وابن ماجه رقم الحديث: 1395

2 ۔ حَدَّثَنَا اَبُو دَاوُدَ، قَالَ: حَدَّثَنَا اَبُو عَوَانَةَ، عَنْ عُثْمَانَ بْنِ الْمُغِيرَةِ، عَنْ عَلِيِّ بْنِ رَبِيعَةَ، عَنْ اَسْمَاءَ بْنِ الْحَكَمِ الْفَزَارِيِّ، قَالَ: سَمِعْتُ عَلِيًّا رَضِيَ اللّٰهُ عَنْهُ يَقُولُ: كُنْتُ اِذَا سَمِعْتُ مِنْ رَسُولِ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ حَدِيثًا نَفَعَنِي اللّٰهُ بِمَا شَاءَ اَنْ يَنْفَعَنِي، وَاِذَا حَدَّثَنِي غَيْرُهُ اسْتَحْلَفْتُهُ اَنَّهُ سَمِعَهُ مِنْهُ، ثُمَّ صَدَّقْتُهُ، وَحَدَّثَنِي اَبُو بَكْرٍ ۔ وَصَدَقَ اَبُو بَكْرٍ رَضِيَ اللّٰهُ عَنْهُ ۔ اَنَّ رَسُولَ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ قَالَ، ثُمَّ ذَكَرَ نَحْوَ حَدِيثِ شُعْبَةَ

حضرت اسماء بن حکم فزاری رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ میں نے حضرت علی رضی اللہ عنہ کو فرماتے سنا: جب میں رسول اللہ ﷺ کے حوالہ سے حدیث سنتا ہوں' اس سے مجھے اللہ تعالیٰ نفع دیتا ہے جتنا مجھے نفع دینا چاہے' اور جب اس کے علاوہ کوئی اور بیان کرے تو میں اس سے حلف لیتا ہوں کہ اس نے آپ سے سنا' پھر میں اس کی تصدیق کرتا ہوں اور مجھے حضرت ابوبکر صدیق رضی اللہ عنہ نے بیان کیا اور حضرت ابوبکر رضی اللہ عنہ نے سچ ہی فرمایا کہ رسول اللہ ﷺ نے ارشاد فرمایا: پھر حدیث شعبہ ہی کی طرح حدیث ذکر کی۔

3 ۔ حَدَّثَنَا اَبُو دَاوُدَ، حَدَّثَنَا اِبْرَاهِيمُ بْنُ سَعْدٍ، عَنِ الزُّهْرِيِّ، قَالَ: اَخْبَرَنِي عُبَيْدُ بْنُ السَّبَّاقِ، اَنَّ زَيْدَ بْنَ ثَابِتٍ رَضِيَ اللّٰهُ عَنْهُ، حَدَّثَهُ قَالَ: اَرْسَلَ اِلَيَّ اَبُو بَكْرٍ رَضِيَ اللّٰهُ عَنْهُ مَقْتَلَ اَهْلِ الْيَمَامَةِ، وَاِذَا عِنْدَهُ عُمَرُ بْنُ الْخَطَّابِ رَضِيَ اللّٰهُ عَنْهُ، فَقَالَ: اِنَّ هٰذَا اَتَانِي فَاَخْبَرَنِي اَنَّ الْقَتْلَ قَدِ اسْتَحَرَّ بِقُرَّاءِ الْقُرْآنِ فِي هٰذَا

حضرت زید بن ثابت رضی اللہ عنہ بیان کرتے ہیں کہ میری طرف حضرت ابوبکر صدیق رضی اللہ عنہ نے جنگ یمامہ کے شہداء کی خبر دے کر اپنے قاصد کو بھیجا (میں جب آپ کے پاس آیا) تو آپ کے پاس حضرت عمر بن خطاب رضی اللہ عنہ بھی تھے' آپ نے فرمایا: یہ ہمارے پاس (یعنی حضرت عمر) آیا' انہوں نے مجھے بتایا ہے کہ اس

2- أخرجه أحمد رقم الحديث: 56' وأبو داؤد رقم الحديث: 1521' والترمذی رقم الحديث: 406-3006' والنسائی فی الكبرىٰ رقم الحديث: 10250-11078' وأبو يعلىٰ رقم الحديث: 11' وابن حبان رقم الحديث: 643من طريق أبی عوانة به وانظر العلل للدارقطنی جلد1صفحه176-180

3- حديث صحيح أخرجه ابن أبی داؤد فی المصاحف صفحه6 من طريق المصنف ۔ ابن أبی داؤد فی المصاحف صفحه 7' والطبرانی رقم الحديث: 4903' والبيهقی جلد 2صفحه41 من طريق ابراهيم بن سعد' به وأخرجه أحمد رقم الحديث: 76' والبخاری رقم الحديث: 4679-4989' والمروزی رقم الحديث: 46' وأبو يعلىٰ رقم الحديث: 71' وابن حبان رقم الحديث: 4507' وابن أبی داؤد رقم الحديث: 748' والطبرانی رقم الحديث: 4901-4902' والبيهقی جلد2 صفحه40-42 من طرق عن الزهری' به ۔

الْمَوْطِنِ - يَعْنِي يَوْمَ الْيَمَامَةِ - وَإِنِّي أَخَافُ أَنْ يَسْتَحِرَّ الْقَتْلُ بِقُرَّاءِ الْقُرْآنِ فِي سَائِرِ الْمَوَاطِنِ فَيَذْهَبَ الْقُرْآنُ، وَقَدْ رَأَيْتُ أَنْ تَجْمَعَهُ - فَقُلْتُ لَهُ، يَعْنِي لِعُمَرَ: كَيْفَ نَفْعَلُ شَيْءًا لَمْ يَفْعَلْهُ رَسُولُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ، فَقَالَ لِي عُمَرُ: هُوَ وَاللّٰهِ خَيْرٌ، فَلَمْ يَزَلْ بِي عُمَرُ حَتَّى شَرَحَ اللّٰهُ صَدْرِي لِلَّذِي شَرَحَ لَهُ صَدْرَهُ، وَرَأَيْتُ فِيهِ مِثْلَ الَّذِي رَأَى - وَأَنْتَ رَجُلٌ عَاقِلٌ قَدْ كُنْتَ تَكْتُبُ الْوَحْيَ لِرَسُولِ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ، فَلَا نَتَّهِمُكَ فَاجْمَعْهُ

جگہ (یعنی یمامہ) کے دن میں قرآن کے قاری شہید ہوگئے ہیں' اور میں خوف کرتا ہوں کہ سارے مما لک سے حافظ قرآن ختم نہ ہو جائیں اور قرآن (لوگوں کے سینے سے) چلا جائے' اور میری رائے یہ ہے کہ آپ اس کو جمع کریں۔ میں (یعنی حضرت ابوبکر رضی اللہ عنہ) نے ان یعنی حضرت عمر (رضی اللہ عنہ) سے کہا: میں وہ کام کیوں کروں جو رسول اللہ ﷺ نے نہیں کیا؟ تو مجھے حضرت عمر نے کہا: اللہ کی قسم! یہ بہتر ہے۔ سو حضرت عمر (رضی اللہ عنہ) مجھے مسلسل کہتے رہے یہاں تک کہ اللہ تعالیٰ نے میرے سینہ کو بھی حضرت عمر کے سینہ کی طرح کھول دیا' سو میری رائے بھی وہی ہوگئی جو آپ کی تھی۔ (حضرت زید رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں: حضرت ابوبکر صدیق نے کہا:) اور تو سمجھ دار آدمی ہے' تُو رسول اللہ ﷺ کے لیے وحی لکھتا رہا ہے' اور ہم تجھے تہمت بھی نہیں لگاتے' سو تُو اس کو جمع کر۔

4 - حَدَّثَنَا أَبُو دَاوُدَ، حَدَّثَنَا شُعْبَةُ، عَنْ تَوْبَةَ الْعَنْبَرِيِّ، قَالَ: سَمِعْتُ أَبَا السَّوَّارِ الْعَنْبَرِيَّ يُحَدِّثُ، عَنْ أَبِي بَرْزَةَ، قَالَ: كُنْتُ عِنْدَ أَبِي بَكْرٍ رَضِيَ اللّٰهُ

حضرت ابوبرزہ رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ میں حضرت ابوبکر صدیق رضی اللہ عنہ کے پاس تھا' آپ ایک آدمی کو نصیحت کر رہے تھے' اور آپ اس پر سختی کر رہے تھے'

4- حديث صحيح أخرجه المزى فى تهذيب الكمال جلد 15 صفحه443 من طريق المصنف وأخرجه أحمد رقم الحديث: 54 ' والنسائى رقم الحديث: 4082' والمروزى فى مسند أبى بكر رقم الحديث: 66-67' وأبو يعلى رقم الحديث: 81-82' والحاكم جلد 4 صفحه354 من طريق شعبة' به - وأخرجه الحميدى رقم الحديث: 6' وأحمد رقم الحديث: 61' وأبوداؤد رقم الحديث: 4363' والنسائى رقم الحديث: 4083-4088' وأبو يعلى رقم الحديث: 79-80' والبزار رقم الحديث: 49' والحاكم جلد 4 صفحه354 من طرق عن أبى برزه به وانظر علل الدارقطنى جلد 1 صفحه238

عَنْهُ وَهُوَ يُوعِدُ رَجُلًا، فَأَغْلَظَ لَهُ، فَقُلْتُ: أَلَا أَضْرِبُ عُنُقَهُ، فَقَالَ أَبُو بَكْرٍ: إِنَّهُ لَيْسَتْ لِأَحَدٍ بَعْدَ النَّبِيِّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ

میں نے (حضرت ابوبکر صدیق رضی اللہ عنہ سے) عرض کیا: کیا میں اس کی گردن نہ اُڑا دوں؟ تو حضرت ابوبکر صدیق رضی اللہ عنہ نے فرمایا: یہ کام نبی اکرم ﷺ کے (زمانہ کے) بعد کسی کے لیے جائز نہیں۔

5 ۔ حَدَّثَنَا أَبُو دَاوُدَ، حَدَّثَنَا شُعْبَةُ، قَالَ: أَخْبَرَنِي يَزِيدُ بْنُ خُمَيْرٍ، قَالَ: سَمِعْتُ سُلَيْمَ بْنَ عَامِرٍ، يُحَدِّثُ عَنْ أَوْسَطَ الْبَجَلِيِّ رَضِيَ اللّٰهُ عَنْهُ، قَالَ: سَمِعْتُ أَبَا بَكْرٍ، رَضِيَ اللّٰهُ عَنْهُ يَخْطُبُ، فَذَكَرَ النَّبِيَّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ فَبَكَى، ثُمَّ قَالَ: يَعْنِي النَّبِيَّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ: عَلَيْكُمْ بِالصِّدْقِ، فَإِنَّهُ يَهْدِي إِلَى الْبِرِّ وَهُمَا فِي الْجَنَّةِ، وَإِيَّاكُمْ وَالْكَذِبَ فَإِنَّهُ يَهْدِي إِلَى الْفُجُورِ وَهُمَا فِي النَّارِ، وَاسْأَلُوا اللّٰهَ الْيَقِينَ وَالْمُعَافَاةَ، فَإِنَّ النَّاسَ لَمْ يُعْطَوْا شَيْءًا بَعْدَ الْيَقِينِ أَفْضَلَ مِنَ الْمُعَافَاةِ ـ أَوْ قَالَ الْعَافِيَةِ ـ وَلَا تَحَاسَدُوا، وَلَا تَبَاغَضُوا، وَلَا تَقَاطَعُوا، وَلَا تَدَابَرُوا، وَكُونُوا عِبَادَ اللّٰهِ إِخْوَانًا

حضرت اوسط بجلی رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ میں نے حضرت ابوبکر رضی اللہ عنہ کو خطبہ دیتے ہوئے سنا' آپ نے نبی اکرم ﷺ کا ذکر کیا' تو آپ رو پڑے' پھر فرمایا کہ نبی اکرم ﷺ نے فرمایا: تم پر لازم ہے کہ تم سچ بولا کرو کیونکہ سچ نیکی کی طرف راہنمائی کرتا ہے' اور یہ دونوں (نیکی اور سچ) چیزیں (انسان کو) جنت میں لے جاتی ہیں' اورتم جھوٹ سے بچو کیونکہ جھوٹ بُرائی کی طرف لے جاتا ہے' اور یہ دونوں چیزیں جہنم میں لے جانے کا ذریعہ ہیں' اور اللہ عزوجل سے یقین اور معافات طلب کرو کیونکہ انسان کو ایمان کے بعد معافاۃ' یا فرمایا: عافیت سے بڑھ کر فضیلت والی کوئی چیز نہیں دی گئی' اور تم آپس میں حسد نہ کرو' اور غصہ نہ کرو' اور رشتہ داری نہ توڑو' اور ایک دوسرے سے منہ نہ پھیرو اور اللہ کے بندو! بھائی بھائی بن جاؤ۔

5- حديث صحيح من طرق عن شعبة' به أخرجه الحميدى رقم الحديث: 7' وأحمد رقم الحديث: 5-17-34' والبخارى فى الأدب المفرد رقم الحديث: 724' والنسائى فى الكبرىٰ رقم الحديث: 10718' وابن ماجه رقم الحديث: 3849' وأبو يعلىٰ رقم الحديث: 121-124' والمروزى فى مسند أبى بكر رقم الحديث: 92-93-95' والبزار رقم الحديث: 75' والبغوى فى الجعديات رقم الحديث: 1727 . ومن طرق عن سليم بن عامر به أخرجه الحميدى رقم الحديث: 2' وأحمد رقم الحديث: 44' والنسائى فى الكبرىٰ رقم الحديث: 10717-10719' والمروزى رقم الحديث: 94' وابن حبان رقم الحديث: 952-5734' والحاكم جلد 1 صفحه 529' وقال الحاكم: صحيح الاسناد .

6 - حَدَّثَنَا اَبُو دَاوُدَ، حَدَّثَنَا ابْنُ الْمُبَارَكِ، عَنْ اِسْحَاقَ بْنِ يَحْيَى بْنِ طَلْحَةَ بْنِ عُبَيْدِ اللّٰهِ، قَالَ: اَخْبَرَنِي عِيسَى بْنُ طَلْحَةَ، عَنْ اُمِّ الْمُؤْمِنِينَ عَائِشَةَ رَضِيَ اللّٰهُ عَنْهَا قَالَتْ: كَانَ اَبُو بَكْرٍ رَضِيَ اللّٰهُ عَنْهُ اِذَا ذَكَرَ يَوْمَ اُحُدٍ بَكَى، ثُمَّ قَالَ: ذَاكَ كُلُّهُ يَوْمُ طَلْحَةَ، ثُمَّ اَنْشَاَ يُحَدِّثُ، قَالَ: كُنْتُ اَوَّلَ مَنْ فَاءَ يَوْمَ اُحُدٍ فَرَاَيْتُ رَجُلًا يُقَاتِلُ مَعَ رَسُولِ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ دُونَهُ، وَاُرَاهُ قَالَ: يَحْمِيهِ، قَالَ: فَقُلْتُ: كُنْ طَلْحَةَ حَيْثُ فَاتَنِي مَا فَاتَنِي، فَقُلْتُ: يَكُونُ رَجُلًا مِنْ قَوْمِي اَحَبَّ اِلَيَّ وَبَيْنِي وَبَيْنَ الْمَشْرِقِ رَجُلٌ لَا اَعْرِفُهُ، وَاَنَا اَقْرَبُ اِلَى رَسُولِ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ مِنْهُ، وَهُوَ يَخْطَفُ الْمَشْيَ خَطْفًا لَا اَخْطَفُهُ، فَاِذَا هُوَ اَبُو عُبَيْدَةَ بْنُ الْجَرَّاحِ، فَانْتَهَيْنَا اِلَى رَسُولِ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ وَقَدْ كُسِرَتْ رَبَاعِيَتُهُ، وَشُجَّ فِي وَجْهِهِ وَقَدْ دَخَلَ فِي وَجْنَتَيْهِ حَلْقَتَانِ مِنْ حِلَقِ الْمِغْفَرِ، فَقَالَ رَسُولُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ: عَلَيْكُمَا صَاحِبَكُمَا، يُرِيدُ طَلْحَةَ، وَقَدْ نَزَفَ، فَلَمْ يُلْتَفَتْ اِلَى قَوْلِهِ، وَذَهَبْتُ لِاَنْزِعَ ذَاكَ مِنْ وَجْهِهِ، فَقَالَ اَبُو عُبَيْدَةَ: اَقْسَمْتُ عَلَيْكَ بِحَقِّي لَمَا تَرَكْتَنِي، فَتَرَكْتُهُ

حضرت عائشہ رضی اللہ عنہا سے روایت ہے' آپ فرماتی ہیں کہ حضرت ابوبکر رضی اللہ عنہ جن جنگ اُحد کے دن کو یاد فرماتے تو اشکبار ہو جاتے' پھر آپ فرماتے: وہ سارا دن حضرت طلحہ رضی اللہ عنہ کا تھا' وہ غزوۂ اُحد کا تذکرہ کرتے ہوئے فرماتے ہیں: میں پہلا شخص ہوں' تو میں نے ایک شخص کو دیکھا جو نبی اکرم ﷺ کے آگے آ کر لڑائی کر رہا تھا' آپ فرماتے ہیں: میرا خیال ہے وہ آپ کا دفاع کر رہا تھا (اسی دوران) میں نے کہا: تمہیں طلحہ ہونا چاہیے' آج میں جس چیز سے محروم رہا محروم رہا' پھر میں نے کہا: یہ میری قوم میں سے ایسا شخص ہوگا جو مجھے محبوب ہو گا' میرے اور مشرق کے درمیان ایسا فرد جسے میں پہچان نہیں ہوں حالانکہ میں اس سے بڑھ کر نبی اکرم ﷺ کے قریب ہوں اور اس لیے تیز رفتاری سے چل رہا تھا جبکہ میں اس طرح چلنے سے قاصر تھا' وہ حضرت ابوعبیدہ بن الجراح کی ذات تھی' بعد ازیں ہم نبی اکرم ﷺ کی طرف چلے حالانکہ نبی اکرم ﷺ کے سامنے والے دو شہید کیے گئے تھے' اس کے ساتھ ساتھ آپ کا چہرۂ اقدس بھی زخمی ہو گیا تھا' خود کی دو کڑیاں رخسار مبارک میں گھس گئی تھیں۔ نبی اکرم ﷺ نے فرمایا: اپنے ساتھی حضرت طلحہ کو لازم پکڑو'

6- اسناده ضعيف لضعف اسحاق بن يحيىٰ من طريق المصنف أخرجه أبو نعيم فى الحلية جلد8صفحه174' والبيهقى فى الدلائل جلد 3صفحه263' وابن عساكر فى تاريخ دمشق جلد 25صفحه74 وعزاه الحافظ فى المطالب رقم الحديث: 4753 للمصنف ـ من طرق اسحاق بن يحيىٰ ' به أخرجه ابن سعد جلد 3صفحه218' والبزار63' وابن حبان رقم الحديث: 6980' والطبرانى فى الأوائل 63 ـ وقال البزار: لا نعلم له اسنادًا غير هذا الاسناد ـ

فَكَرِهَ اَنْ يَتَنَاوَلَهُمَا بِيَدِهِ، فَيُؤْذِىَ النَّبِيَّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ، فَاَزَّمَ عَلَيْهِمَا بِفِيهِ فَاسْتَخْرَجَ اِحْدَى الْحَلْقَتَيْنِ، وَوَقَعَتْ ثَنِيَّتُهُ مَعَ الْحَلْقَةِ، وَذَهَبْتُ لِاَصْنَعَ مَا صَنَعَ فَقَالَ: اَقْسَمْتُ عَلَيْكَ بِحَقِّي لَمَا تَرَكْتَنِي قَالَ: فَفَعَلَ مِثْلَ مَا فَعَلَ فِي الْمَرَّةِ الْاُولَى فَوَقَعَتْ ثَنِيَّتُهُ الْاُخْرَى مَعَ الْحَلْقَةِ فَكَانَ اَبُو عُبَيْدَةَ مِنْ اَحْسَنِ النَّاسِ هَتْمًا فَاَصْلَحْنَا مِنْ شَاْنِ النَّبِيِّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ، ثُمَّ اَتَيْنَا طَلْحَةَ فِي بَعْضِ تِلْكَ الْجِفَارِ فَاِذَا بِهِ بِضْعٌ وَسَبْعُونَ اَوْ اَقَلُّ اَوْ اَكْثَرُ بَيْنَ طَعْنَةٍ وَرَمْيَةٍ وَضَرْبَةٍ وَاِذَا قَدْ قُطِعَتْ اِصْبَعُهُ فَاَصْلَحْنَا مِنْ شَاْنِهِ

یعنی اس کے پاس جاؤ (کیونکہ) ان کا کافی خون بہہ چکا تھا' کسی کی توجہ آپ کے قول کی طرف نہیں گئی' میں آگے بڑھا تاکہ آپ کے چہرے سے یہ کڑیاں نکالوں۔

7 — حَدَّثَنَا اَبُو دَاوُدَ قَالَ: حَدَّثَنَا صَدَقَةُ بْنُ مُوسَى، وَهَمَّامٌ، عَنْ فَرْقَدٍ، عَنْ مُرَّةَ، عَنْ اَبِي بَكْرٍ رَضِيَ اللّٰهُ عَنْهُ، قَالَ: سَمِعْتُ رَسُولَ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ يَقُولُ: اَوَّلُ مَنْ يَقْرَعُ بَابَ الْجَنَّةِ عَبْدٌ اَدَّى حَقَّ اللّٰهِ وَحَقَّ مَوَالِيهِ

حضرت ابوبکر صدیق رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ میں نے رسول اللہ ﷺ کو فرماتے سنا: جنت کا دروازہ سب سے پہلے وہ غلام کھٹکھٹائے گا' جس نے اللہ تعالیٰ اور اپنے آقاؤں کا حق ادا کیا۔

8 — حَدَّثَنَا اَبُو دَاوُدَ قَالَ: حَدَّثَنَا صَدَقَةُ بْنُ مُوسَى، وَهَمَّامٌ، عَنْ فَرْقَدٍ، عَنْ مُرَّةَ، عَنْ اَبِي بَكْرٍ رَضِيَ اللّٰهُ عَنْهُ، اَنَّ النَّبِيَّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ قَالَ: لَا

حضرت ابوبکر رضی اللہ عنہ سے روایت ہے کہ نبی اکرم ﷺ نے فرمایا: جنت میں مکار اور خیانت کرنے والا داخل نہیں ہوں گے۔

7- اسناده ضعيف لضعف صدقة وللانقطاع بين مرة وبين أبي بكر من طرق المصنف أخرجه أبو نعيم في الحلية جلد3 صفحه48' ومن طريق صدقة ' به أخرجه أحمد رقم الحديث: 13-32' وأبو يعلى رقم الحديث: 93 . ومن طريق همام ' به أخرجه أبو يعلى رقم الحديث:95

8- اسناده ضعيف لضعف صدقة ومنهم من ساقهما حديثًا واحدًا كما عند أحمد رقم الحديث: 13-32' وأبي يعلى رقم الحديث: 93-95 من طريق المصنف بلفظه أخرجه أبو نعيم في الحلية جلد 4صفحه163 . من طريق صدقة ' به أخرجه الترمذي رقم الحديث:1963

يَدْخُلُ الْجَنَّةَ خَبٌّ وَلَا خَائِنٌ

9 ۔ حَدَّثَنَا اَبُو دَاوُدَ قَالَ: حَدَّثَنَا شُعْبَةُ، عَنْ يَعْلَى بْنِ عَطَاءٍ، قَالَ سَمِعْتُ عَمْرَو بْنَ عَاصِمٍ الثَّقَفِيَّ، قَالَ: سَمِعْتُ اَبَا هُرَيْرَةَ، يَقُولُ: قَالَ اَبُو بَكْرٍ الصِّدِّيقُ رَضِيَ اللّٰهُ عَنْهُ: يَا رَسُولَ اللّٰهِ مُرْنِي بِشَيْءٍ اَقُولُهُ اِذَا اَصْبَحْتُ وَاِذَا اَمْسَيْتُ قَالَ: قُلِ: اللّٰهُمَّ عَالِمَ الْغَيْبِ وَالشَّهَادَةِ فَاطِرَ السَّمَوَاتِ وَالْاَرْضِ رَبَّ كُلِّ شَيْءٍ وَمَلِيكَهُ، اَشْهَدُ اَنْ لَا اِلٰهَ اِلَّا اَنْتَ، اَعُوذُ بِكَ مِنْ شَرِّ نَفْسِي، وَمِنْ شَرِّ الشَّيْطَانِ وَشِرْكِهِ قُلْهُ اِذَا اَصْبَحْتَ وَاِذَا اَمْسَيْتَ وَاِذَا اَخَذْتَ مَضْجَعَكَ

حضرت ابوہریرہ رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ حضرت ابوبکر صدیق رضی اللہ عنہ نے عرض کیا: یارسول اللہ! مجھے آپ کسی ایسی چیز کا حکم دیں جو میں صبح و شام پڑھا کروں‘ آپ ﷺ نے فرمایا: پڑھ ”اَللّٰهُمَّ عَالِمَ الْغَيْبِ وَالشَّهَادَةِ فَاطِرَ السَّمٰوَاتِ وَالْاَرْضِ رَبَّ كُلِّ شَيْءٍ وَمَلِيكَهُ، اَشْهَدُ اَنْ لَّا اِلٰهَ اِلَّا اَنْتَ، اَعُوذُ بِكَ مِنْ شَرِّ نَفْسِي، وَمِنْ شَرِّ الشَّيْطَانِ وَشِرْكِهِ“ جب تو صبح کرے اور جب شام کرے اور جب تو اپنے بستر پر آئے اس وقت پڑھا کر۔

9- حديث صحيح من طرق المصنف‘ وأخرجه الترمذى رقم الحديث: 3392 وقال حسن صحيح ‘ ومن طرق عن شعبة ‘ به أخرجه ابن أبى شيبة جلد 1 صفحه237‘ وأحمد رقم الحديث: 51-52-63-7948‘ والدارمى رقم الحديث: 2692‘ والبخارى فى الأدب المفرد رقم الحديث: 1202‘ وفى خلق أفعال العباد رقم الحديث: 106-107-455-456‘ والنسائى فى الكبرىٰ رقم الحديث: 7715‘ وابن حبان رقم الحديث: 962‘ وابن السنى فى عمل اليوم والليلة رقم الحديث: 729-731 .من طريق هشيم عن يعلىٰ بن عطاء ‘ به أخرجه البخارى فى الأدب المفرد رقم الحديث: 1203‘ وفى خلق أفعال العباد رقم الحديث: 140-141-586‘ وأبوداؤد رقم الحديث: 5067‘ والنسائى رقم الحديث: 7699‘ وأبو يعلىٰ رقم الحديث: 77‘ والحاكم جلد 1 صفحه513‘ وقال الحاكم: صحيح الاسناد .

2- اَحَادِيثُ عُمَرَ بْنِ الْخَطَّابِ بْنِ نُفَيْلِ بْنِ عَبْدِ الْعُزَّى بْنِ رَبَاحِ بْنِ عَبْدِ اللّٰهِ بْنِ قُرْطِ بْنِ رِزَاحِ بْنِ عَدِيِّ بْنِ كَعْبٍ رَضِيَ اللّٰهُ عَنْهُ، عَنْ رَسُولِ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ

حضرت عمر بن خطاب بن نفیل بن عبدالعزیٰ بن رباح بن عبداللہ بن قرط بن رزاح بن عدی بن کعب رضی اللہ عنہ کی رسول اللہ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم سے روایت کردہ احادیث

مَا رَوَاهُ عَنْهُ عَبْدُ اللّٰهِ بْنُ عُمَرَ رَضِيَ اللّٰهُ عَنْهُ مَا رَوَاهُ عَنْهُ سَالِمُ بْنُ عَبْدِ اللّٰهِ بْنِ عُمَرَ رَحِمَهُ اللّٰهُ

وہ احادیث جو آپ سے حضرت عبداللہ بن عمر رضی اللہ عنہما نے روایت کی ہیں اور جو حضرت عبداللہ بن عمر رضی اللہ عنہما سے ان کے صاحبزادے حضرت سالم بن عبداللہ بن عمر رحمہ اللہ نے روایت کی ہیں

10 - حَدَّثَنَا يُونُسُ قَالَ: حَدَّثَنَا اَبُو دَاوُدَ، حَدَّثَنَا شُعْبَةُ، عَنْ عَاصِمِ بْنِ عُبَيْدِ اللّٰهِ، قَالَ: سَمِعْتُ سَالِمَ بْنَ عَبْدِ اللّٰهِ، يُحَدِّثُ عَنْ اَبِيهِ، اَنَّ عُمَرَ بْنَ الْخَطَّابِ،

حضرت سالم بن عبداللہ اپنے والد (حضرت عبداللہ رضی اللہ عنہ) سے روایت بیان کرتے ہیں کہ حضرت عمر بن خطاب رضی اللہ عنہ نے نبی اکرم صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم سے عمرہ کے

10- اسناده ضعيف لضعف عاصم بن عبيد الله من طرق شعبة' به أخرجه أحمد رقم الحديث: 195' وأبوداؤد رقم الحديث: 1498' وابن سعد جلد3صفحه273' والبزار رقم الحديث: 119' وابن عدى جلد5صفحه1868' والخطيب جلد11 صفحه 397 . من طريق سفيان الثورى عن عاصم' به أخرجه أحمد رقم الحديث: 5229' والترمذى رقم الحديث: 3562' وابن ماجه رقم الحديث: 2894' وابن سعد جلد3صفحه273' والبزار رقم الحديث:120' والخطيب جلد11 صفحه396 . وقال الترمذى حسن صحيح .

رَضِيَ اللّٰهُ عَنْهُ اسْتَأْذَنَ النَّبِيَّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ فِي عُمْرَةٍ فَأَذِنَ لَهُ وَقَالَ لَهُ: يَا أَخِي أَشْرِكْنَا فِي دُعَائِكَ أَوْ لَا تَنْسَنَا مِنْ دُعَائِكَ

لیے اجازت چاہی' تو حضور ﷺ نے آپ کو اجازت دی اور فرمایا: اے میرے بھائی! ہم کو بھی اپنی دعا میں شریک رکھنا' یا یہ فرمایا: ہم کو اپنی دعا میں نہ بھولنا۔

11 ـ حَدَّثَنَا أَبُو دَاوُدَ قَالَ: حَدَّثَنَا شُعْبَةُ، عَنْ عَاصِمِ بْنِ عُبَيْدِ اللّٰهِ، عَنْ سَالِمٍ، عَنْ أَبِيهِ، أَنَّ عُمَرَ، قَالَ: يَا رَسُولَ اللّٰهِ أَرَأَيْتَ مَا نَعْمَلُ فِيهِ أَمْرٌ مُبْتَدَعٌ أَوْ مُبْتَدَأٌ أَوْ مَا قَدْ فُرِغَ مِنْهُ؟ قَالَ: مَا قَدْ فُرِغَ مِنْهُ فَاعْمَلْ يَا ابْنَ الْخَطَّابِ فَكُلٌّ مُيَسَّرٌ، مَنْ كَانَ مِنْ أَهْلِ السَّعَادَةِ فَإِنَّهُ يَعْمَلُ بِالسَّعَادَةِ أَوْ لِلسَّعَادَةِ، وَمَنْ كَانَ مِنْ أَهْلِ الشَّقَاءِ فَإِنَّهُ يَعْمَلُ بِالشَّقَاءِ أَوْ لِلشَّقَاوَةِ

حضرت سالم اپنے والد سے روایت کرتے ہیں کہ حضرت عمر رضی اللہ عنہ نے عرض کی: یارسول اللہ! آپ بتائیں ہم عمل کس لیے کریں' اس میں نیا یا ابتدائی جس کے متعلق فراغت ہو چکی ہے۔ آپ نے فرمایا: کس سے فراغت حاصل کی گئی اے ابن خطاب! عمل کرو ہر ایک کے لیے اس عمل کو آسان کر دیا جائے گا' جو سعادت مندوں میں سے ہوگا اس کے لیے نیک عمل آسان کر دیئے جائیں گے' اور جو بدبخت ہوگا اس کے لیے بدبختی والے عمل آسان کر دیئے جائیں گے۔

12 ـ حَدَّثَنَا أَبُو دَاوُدَ قَالَ: حَدَّثَنَا حَمَّادُ بْنُ

حضرت سالم اپنے والد سے' وہ حضرت عمر بن

11- حديث صحيح واسناده المصنف ضعيف لضعف عاصم بن عبيد الله من طريق المصنف أخرجه أبو يعلى رقم الحديث: 5571 . من طريق شعبة' أخرجه أحمد رقم الحديث: 5140-5481' والترمذي رقم الحديث: 2135' وابن أبي عاصم في السنة رقم الحديث: 164' وأبو يعلى رقم الحديث: 5463' والآجري في الشريعة رقم الحديث: 326' وقال الترمذي: حسن صحيح . من طريق سليمان بن سفيان عن عبد الله بن دينار عن ابن عمر عن عمر . أخرجه عبد بن حميد رقم الحديث: 20' والترمذي رقم الحديث: 3111 ' وابن أبي عاصم رقم الحديث: 170 . وقال الترمذي: حسن غريب من هذا الوجه لا نعرفه الا من حديث عبد الملك بن عمرو . من طريق آخر عن سليمان بن سفيان وسليمان بن سفيان ضعيف أخرجه ابن أبي عاصم رقم الحديث: 181' انظر علل الدارقطني جلد2صفحه68

12- حديث منكر فيه عمرو بن دينار قهرمان آل الزبير' ضعيف وقد روى عن سالم مناكير وهو ليس بعمرو بن دينار المكي الثقة . من طريق حماد بن زيد' به وأخرجه أحمد رقم الحديث: 327' والترمذي رقم الحديث: 3429' وابن ماجه رقم الحديث: 2235' والبزار رقم الحديث: 125' والطبراني في الدعاء رقم الحديث: 789'

زَيْدٍ، عَنْ عَمْرِو بْنِ دِينَارٍ قَهْرَمَانِ آلِ الزُّبَيْرِ، عَنْ سَالِمٍ، عَنْ اَبِيهِ، عَنْ عُمَرَ بْنِ الْخَطَّابِ، رَضِيَ اللّٰهُ عَنْهُ اَنَّ النَّبِيَّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ قَالَ: مَنْ دَخَلَ سُوقًا مِنْ هٰذِهِ الْاَسْوَاقِ فَقَالَ: لَا اِلٰهَ اِلَّا اللّٰهُ وَحْدَهُ لَا شَرِيكَ لَهُ لَهُ الْمُلْكُ وَلَهُ الْحَمْدُ يُحْيِي وَيُمِيتُ وَهُوَ حَيٌّ لَا يَمُوتُ بِيَدِهِ الْخَيْرُ وَهُوَ عَلَى كُلِّ شَيْءٍ قَدِيرٌ، كَتَبَ اللّٰهُ عَزَّ وَجَلَّ لَهُ اَلْفَ اَلْفِ حَسَنَةٍ وَمَحَا عَنْهُ اَلْفَ اَلْفِ سَيِّئَةٍ وَبَنَى لَهُ قَصْرًا فِي الْجَنَّةِ

خطاب رضی اللہ عنہ سے روایت کرتے ہیں کہ نبی اکرم ﷺ نے فرمایا: جو آدمی ان بازاروں میں سے کسی بازار میں داخل ہوا اور اس نے پڑھا: ''لَا اِلٰهَ اِلَّا اللّٰهُ وَحْدَهُ لَا شَرِيكَ لَهُ لَهُ الْمُلْكُ وَلَهُ الْحَمْدُ يُحْيِي وَيُمِيتُ وَهُوَ حَيٌّ لَا يَمُوتُ بِيَدِهِ الْخَيْرُ وَهُوَ عَلَى كُلِّ شَيْءٍ قَدِيرٌ'' تو اللہ عزوجل اس کے لیے ایک لاکھ نیکیاں لکھ دے گا اور اس کی ایک لاکھ برائیاں مٹا دے گا اور اس کے لیے جنت میں محل بنا دے گا۔

13 ۔ حَدَّثَنَا اَبُو دَاوُدَ قَالَ: حَدَّثَنَا حَمَّادُ بْنُ زَيْدٍ، عَنْ عَمْرِو بْنِ دِينَارٍ، عَنْ سَالِمٍ، عَنِ ابْنِ عُمَرَ، عَنْ عُمَرَ رَضِيَ اللّٰهُ عَنْهُ، اَنَّ النَّبِيَّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ قَالَ: مَا مِنْ رَجُلٍ رَاَى مُبْتَلًى فَقَالَ: اَلْحَمْدُ لِلّٰهِ الَّذِي عَافَانِي مِمَّا ابْتَلَاهُ بِهِ وَفَضَّلَنِي عَلَى كَثِيرٍ مِمَّنْ

حضرت (عبداللہ) ابن عمر رضی اللہ عنہما' حضرت عمر رضی اللہ عنہ سے روایت کرتے ہیں کہ نبی اکرم ﷺ نے فرمایا: جو آدمی کسی کو آزمائش میں دیکھے اور یہ دعا پڑھے: ''اَلْحَمْدُ لِلّٰهِ الَّذِي عَافَانِي مِمَّا ابْتَلَاهُ بِهِ وَفَضَّلَنِي عَلَى كَثِيرٍ مِمَّنْ خَلَقَ تَفْضِيلًا'' ۔تو اس کو وہ بیماری نہیں لگے

وابن السنی فی عمل الیوم واللیلة رقم الحدیث: 182 ۔من طریق ثابت بن یزید أخرجه الطبرانی فی الدعاء رقم الحدیث: 791 ۔من طریق سعید بن زید أخرجه البغوی رقم الحدیث:1338 ۔من طریق فضیل بن عیاض عن هشام بن حسان ثلاثتهم عن عمرو بن دینار' به أخرجه الطبرانی فی الدعاء رقم الحدیث: 790' وأبو نعیم فی أخبار أصبهان جلد2 صفحه180

13- حدیث حسن بمجموع طرقه واسناد المصنف ضعیف لضعف عمرو بن دینار قهرمان آل الزبیر من طریق حماد بن زید به أخرجه البزار رقم الحدیث:124' والعقیلی فی الضعفاء جلد3صفحه270' والطبرانی فی الدعاء رقم الحدیث: 797' وابن السنی فی عمل الیوم واللیلة رقم الحدیث: 308' وأبو نعیم فی الحلیة جلد6صفحه265' والبیهقی فی الشعب رقم الحدیث: 11147 ۔من طریق عمرو بن دینار القهرمان' به أخرجه ابن أبی شیبة جلد 10صفحه395' وعبد بن حمید رقم الحدیث: 38' والترمذی رقم الحدیث: 3431' وابن السنی رقم الحدیث: 308' وتمام فی الفوائد1591-الروض البسام) ۔ وقال الترمذی: حدیث غریب من طریق الحکم بن سنان عن عمرو بن دینار عن نافع عن ابن عمر .

خَلَقَ تَفْضِيلًا إِلَّا لَمْ يُصِبْهُ ذَلِكَ الْبَلَاءُ كَائِنًا مَا كَانَ

گی، جس بیماری میں وہ مبتلا ہے۔

14 ۔ حَدَّثَنَا أَبُو دَاوُدَ قَالَ: حَدَّثَنَا شَرِيكٌ، عَنْ عَاصِمِ بْنِ عُبَيْدِ اللّٰهِ، عَنْ رَجُلٍ، عَنِ ابْنِ عُمَرَ، عَنْ عُمَرَ رَضِيَ اللّٰهُ عَنْهُ، قَالَ: رَأَيْتُ النَّبِيَّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ يَمْسَحُ عَلَى الْخُفَّيْنِ

حضرت (عبداللہ) ابن عمر رضی اللہ عنہما' حضرت عمر رضی اللہ عنہ سے روایت کرتے ہیں کہ انہوں نے فرمایا: میں نے نبی اکرم ﷺ کو موزوں پر مسح کرتے ہوئے دیکھا۔

15 ۔ حَدَّثَنَا أَبُو دَاوُدَ قَالَ: حَدَّثَنَا شُعْبَةُ، عَنْ قَتَادَةَ، عَنْ سَعِيدِ بْنِ الْمُسَيَّبِ، عَنِ ابْنِ عُمَرَ، عَنْ عُمَرَ بْنِ الْخَطَّابِ، أَنَّ النَّبِيَّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ قَالَ: إِنَّ الْمَيِّتَ لَيُعَذَّبُ بِالنِّيَاحَةِ عَلَيْهِ فِي قَبْرِهِ

حضرت (عبداللہ) ابن عمر رضی اللہ عنہ' حضرت عمر رضی اللہ عنہ سے روایت کرتے ہیں کہ نبی اکرم ﷺ نے فرمایا: بے شک میت کو اس کی قبر میں اس پر نوحہ کرنے کی وجہ سے عذاب ہوتا ہے۔

16 ۔ حَدَّثَنَا أَبُو دَاوُدَ قَالَ: حَدَّثَنَا شُعْبَةُ، عَنْ

حضرت ابوالحکم سلمی رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ میں

14- حديث صحيح واسناد المصنف ضعيف مضطرف اختلف فيه على عاصم بن عبيد الله وهو ضعيف من طريق المصنف به أخرجه أحمد رقم الحديث: 216 . وجاء الحديث من رواية شريك عن عاصم بن عبيد الله عن عبد الله بن عامر بن ربيعة عن أبيه أو عن عمر ذكره ابن أبي حاتم في العلل رقم الحديث: 11' والدارقطني في العلل جلد2صفحه21 . من طريق الحسن بن صالح عن عاصم بن عبيد الله عن سالم عن ابن عمر ' به أخرجه ابن أبي شيبة جلد 1صفحه178' وأحمد رقم الحديث:387' والبزار رقم الحديث: 122' والدارقطني في العلل جلد 2صفحه26 . من طريق يزيد بن أبي زياد عن عاصم عن أبيه أو عن جده أخرجه احمد رقم الحديث:128-343' والبزار رقم الحديث:263 . وعند البزار: عن أبيه أو عمه .

15- حديث صحيح من طريق المصنف أخرجه البيهقي جلد 4صفحه71' ومن طريق شعبة ' به أخرجه أحمد رقم الحديث: 180-247-354-366' والبخاري رقم الحديث: 1292' ومسلم رقم الحديث: 927' والنسائي رقم الحديث: 1852' وابن ماجه رقم الحديث: 1593 . ومن طريق سعيد بن أبي عروبة عن قتادة به أخرجه أبو يعلى رقم الحديث: 157-179' ومن طريق سعيد بن المسيب عن عمر أخرجه أحمد رقم الحديث: 315-334 . ومن طرق عن ابن عمر ' به أخرجه احمد رقم الحديث: 248-264-294' والترمذي رقم الحديث: 1002' والنسائي رقم الحديث:1549' وأبو يعلى رقم الحديث:155-158

16- حديث صحيح وأبو الحكم السلمي - وهو عمران بن الحارث - من رجال مسلم . من طريق شعبة ' به أخرجه

سَلَمَةَ بْنِ كُهَيْلٍ، قَالَ: سَمِعْتُ اَبَا الْحَكَمِ السُّلَمِيَّ، يَقُولُ: سَأَلْتُ ابْنَ عُمَرَ رَضِيَ اللّٰهُ عَنْهُ عَنِ النَّبِيذِ، فَحَدَّثَ، عَنْ عُمَرَ، اَنَّ رَسُولَ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ نَهَى عَنِ الْجِرِّ وَالدُّبَّاءِ وَالْمُزَفَّتِ

نے حضرت (عبداللہ) ابن عمر رضی اللہ عنہما سے نبیذ کے متعلق پوچھا' تو انہوں نے حضرت عمر رضی اللہ عنہ کے حوالہ سے حدیث بیان کی کہ رسول اللہ ﷺ نے ٹھلیوں اور کدو کے برتن اور تارکول کے رنگ کے رنگے ہوئے برتنوں میں نبیذ بنانے سے منع کیا۔

17 - حَدَّثَنَا اَبُو دَاوُدَ، حَدَّثَنَا شُعْبَةُ، حَدَّثَنَا عَبْدُ اللّٰهِ بْنُ دِينَارٍ، قَالَ: سَمِعْتُ ابْنَ عُمَرَ، يَقُولُ: قَالَ عُمَرُ: يَا رَسُولَ اللّٰهِ تُصِيبُنِي الْجَنَابَةُ مِنَ اللَّيْلِ فَكَيْفَ اَصْنَعُ؟ قَالَ: اغْسِلْ ذَكَرَكَ وَتَوَضَّأْ ثُمَّ ارْقُدْ

حضرت (عبداللہ) ابن عمر رضی اللہ عنہما فرماتے ہیں کہ حضرت عمر رضی اللہ عنہ نے عرض کی: یا رسول اللہ! اگر رات کو مجھ پر غسل فرض ہو جائے تو میں کیا کروں؟ آپ ﷺ نے فرمایا: اپنے آلۂ تناسل کو دھولو اور وضو کرلو اور سو جاؤ۔

18 - حَدَّثَنَا اَبُو دَاوُدَ قَالَ: حَدَّثَنَا صَخْرُ بْنُ

حضرت (عبداللہ) ابن عمر رضی اللہ عنہما سے روایت

أحمد رقم الحديث: 360-185' والنسائي في الكبرى رقم الحديث: 6840 . ومن طريق الثورى عن سلمة بن كهيل به أخرجه أحمد رقم الحديث: 260' من طريق البراء عن عمر ' به أخرجه ابن أبى شيبة رقم الحديث: 3851' ومن طريق قتادة مرسلًا عن عمر به أخرجه عبد الرزاق رقم الحديث: 16944

17- حديث صحيح من طريق المصنف أخرجه أبو عوانة جلد 1 صفحه 278' ومن طرق عن شعبة ' به أخرجه أحمد رقم الحديث: 359-5056-5497' وابن خزيمة رقم الحديث: 214' وابن حبان رقم الحديث: 1212' وأبو عوانة جلد 1 صفحه 278' ومن طرق عن ابن دينار' به أخرجه مالك جلد 1 صفحه 47' والحميدى رقم الحديث: 657' وأحمد رقم الحديث: 5442-5967' والبخارى رقم الحديث: 290' ومسلم رقم الحديث: 306' وأبو داؤد رقم الحديث: 221' والنسائى رقم الحديث: 260' وابن خزيمة رقم الحديث: 212' وابن حبان رقم الحديث: 1213-1214-1216' ومن طريق نافع عن ابن عمر أخرجه عبد الرزاق رقم الحديث: 1074-1075-1077' وابن أبى شيبة جلد 1 صفحه 61' وأحمد رقم الحديث: 230-235-236' والبخارى رقم الحديث: 287-289

18- حديث صحيح من طرق نافع ' به أخرجه مالك جلد 2 صفحه 917' وعبد الرزاق رقم الحديث: 19929' والحميدى رقم الحديث: 679' وأحمد رقم الحديث: 5797-6339' والبخارى رقم الحديث: 886-2612-5841' ومسلم رقم الحديث: 2068' وأبو داؤد رقم الحديث: 1076-4040' والنسائى

جُوَيْرِيَةَ، حَدَّثَنَا نَافِعٌ، عَنِ ابْنِ عُمَرَ، اَنَّ عُمَرَ رَاَى حُلَّةَ عُطَارِدٍ التَّمِيمِيِّ مِنْ حَرِيرٍ سِيَرَاءَ تُبَاعُ فَقَالَ عُمَرُ: يَا رَسُولَ اللّٰهِ اشْتَرِ هٰذِهِ الْحُلَّةَ فَالْبَسْهَا يَوْمَ الْجُمُعَةِ وَلِلْوُفُودِ اِذَا جَائُوكَ فَقَالَ رَسُولُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ: اِنَّمَا يَلْبَسُ هٰذَا مَنْ لَا خَلَاقَ لَهُ فِي الْآخِرَةِ ثُمَّ اُتِيَ رَسُولُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ بِحُلَلٍ مِنْهَا بَعْدَ ذٰلِكَ فَاَرْسَلَ اِلَى عُمَرَ مِنْهَا بِحُلَّةٍ فَاَتَاهُ عُمَرُ فَقَالَ: يَا رَسُولَ اللّٰهِ اَرْسَلْتَ اِلَيَّ الْيَوْمَ بِحُلَّةٍ وَقَدْ قُلْتَ فِي حُلَّةِ عُطَارِدٍ مَا قُلْتَ قَالَ: تَسْتَنْفِقُهَا اَوْ تَكْسُوهَا نِسَاءَكَ

ہے کہ حضرت عمر رضی اللہ عنہ نے ایک عطارد تمیمی کا ریشمی جبہ دیکھا جو کہ فروخت کیا جا رہا تھا' حضرت عمر رضی اللہ عنہ نے عرض کی: یارسول اللہ! اس جبہ کو آپ خرید لیں اور اس کو جمعہ اور اپنے پاس وفود کے آنے کے وقت پہن لیا کریں۔ تو رسول اللہ ﷺ نے فرمایا: یہ وہ آدمی پہنتا ہے جس کا آخرت میں کوئی حصہ نہیں۔ پھر اس کے بعد رسول اللہ ﷺ کے پاس ان میں سے کچھ ریشم کے جبّے آئے تو آپ نے ان میں سے حضرت عمر رضی اللہ عنہ کی طرف ایک حلہ بھیج دیا' تو حضرت عمر رضی اللہ عنہ حضور ﷺ کے پاس آئے' عرض کی: یارسول اللہ! آج آپ نے ریشم کا جبّہ میری طرف بھیجا حالانکہ میں نے جبہ عطارد کے بارے میں وہ کچھ فرمایا جو کہ آپ نے فرمایا تھا (یعنی یہ وہ آدمی پہنتا ہے جس کا آخرت میں کوئی حصہ نہیں)' آپ ﷺ نے فرمایا: اسے بیچ دو یا اپنی عورتوں کو پہنا دو۔

19 - حَدَّثَنَا اَبُو دَاوُدَ قَالَ: حَدَّثَنَا جُوَيْرِيَةُ بْنُ

حضرت (عبداللہ) ابن عمر رضی اللہ عنہما فرماتے ہیں

مصروف ہو جاتے ہیں' یہاں تک کہ رات ان کے درمیان حائل ہو جائے گی اور مقابلے میں وہ برابر رہیں گے' ان میں ہر ایک کو غلبہ حاصل نہیں ہوگا اور (اس طرح) شرط ختم ہو جائے گی۔ جب تیسرا دن ہوگا تو موت کو بطور شرط مقرر کیا جائے گا' پھر وہ ایک دوسرے کے آمنے سامنے ہوں گے' وہ باہم جنگ کریں گے یہاں کہ رات ان کے درمیان حائل ہو جائے گی اور وہ مقابلے میں برابر رہیں گے' اور ہر ایک کو فتح نصیب نہیں ہوگی اور شرط ختم ہو جائے گی۔ جب چوتھا دن ہوگا تو بقیہ مسلمان ان پر حملہ آور ہوں گے' آخر کار اللہ تعالیٰ اہل اسلام کو ان پر فتح عطا کر دے گا' باپ کے بیٹوں پر نظر دوڑائی جائے گی جن کی تعداد سو سے بڑھ کر ہوگی (لیکن) اب ان میں سے ایک شخص موجود ہوگا تو کس طرح وراثت تقسیم کی جائے گی یا کیسے مالِ غنیمت پر خوشی ہوگی۔ آپ فرماتے ہیں: وہ لوگ اس طرح کی کیفیت میں رہیں گے' اچانک وہ ایک ایسے معاملے کے متعلق سنیں گے جو اس سے بڑھ کر ہوگا' یعنی دجال ان کی اولاد اور ان کے گھر والوں کی پشت پر ہوگا۔ راوی کہتے ہیں کہ نبی اکرم ﷺ نے فرمایا: لشکر کا امیر دس گھڑ سواروں کو دشمن کے حالات معلوم کرنے کیلئے بھیجے گا' میں ان کے نام بھی' ان کے آباؤ اجداد کے نام بھی اور ان کے گھوڑوں کے رنگوں کو بھی جانتا ہوں' وہ اس دن روئے زمین پر سب سے بہتر ہوں گے یا زمین پر رہنے والے اعلیٰ گھڑ سواروں سے ان کا تعلق ہوگا۔

393 - حَدَّثَنَا اَبُو دَاوُدَ قَالَ: حَدَّثَنَا شُعْبَةُ، عَنْ حُصَيْنٍ، عَنْ عَبْدِ الْاَعْلَى، عَنْ خَارِجَةَ بْنِ الصَّلْتِ، عَنْ عَبْدِ اللّٰهِ بْنِ مَسْعُودٍ، قَالَ: كَانَ يُقَالُ: اِنَّ مِنْ اَشْرَاطِ السَّاعَةِ اَنْ تُتَّخَذَ الْمَسَاجِدُ طُرُقًا وَاَنْ يُسَلِّمَ الرَّجُلُ عَلَى الرَّجُلِ بِالْمَعْرِفَةِ وَاَنْ يَتَّجِرَ الرَّجُلُ وَامْرَاَتُهُ جَمِيعًا وَاَنْ تَغْلُوَ مُهُورُ النِّسَاءِ، وَالْخَيْلُ، ثُمَّ تَرْخُصَ فَلَا تَغْلُو اِلَى يَوْمِ الْقِيَامَةِ قَالَ اَبُو دَاوُدَ: قَالَ شُعْبَةُ: لَمْ نَسْمَعْ عَنِ ابْنِ مَسْعُودٍ كَانَ يُقَالُ اِلَّا هٰذَا وَرَوَى الثَّوْرِيُّ هٰذَا الْحَدِيثَ، عَنْ حُصَيْنٍ عَنْ عَبْدِ الْاَعْلَى، عَنِ الصَّلْتِ قَالَ: دَخَلْتُ مَعَ عَبْدِ اللّٰهِ

حضرت عبداللہ بن مسعود رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ قیامت کی نشانیوں میں سے ایک یہ ہے کہ مسجدوں کو راستہ بنایا جائے گا' اور آدمی صرف جان پہچان والے آدمی کو سلام کرے گا' اور یہ کہ مرد اور اس کی عورت اکٹھے تجارت کریں گے' اور عورتوں کے مہر میں اور گھوڑوں میں غلو ہوگا' پھر رخصت ہوگی' سوتم قیامت تک غلو نہ کرو۔ امام ابوداؤد نے فرمایا کہ شعبہ نے کہا: ہم نے حضرت ابن مسعود رضی اللہ عنہ سے اس کے سوا کچھ نہیں سنا اور امام ثوری نے یہ حدیث حضرت حصین سے' انہوں نے عبدالاعلیٰ سے' انہوں نے حضرت صلت سے بیان کی کہ وہ فرماتے ہیں کہ میں

393- اسناده ضعيف لحال عبد الأعلى بن الحكم ولبعضه متابعات وعزاه الحافظ فى المطالب رقم الحديث: 5044 للمصنف . من طريق المصنف أخرجه البيهقى جلد 2صفحه245 . من طريق شعبة به أخرجه ابن راهويه كما فى المطالب رقم الحديث: 541' والحاكم جلد 4صفحه446' والبيهقى جلد 2صفحه245 . من طريق الثورى عن حصين عن عبد الأعلى أخرجه الطبرانى فى الكبير رقم الحديث: 9486 . من طريق حصين من عبد الأعلىٰ عن خارجة عن ابن مسعود به بنحوه أخرجه ابن راهويه وابن منيع وأبو يعلىٰ كما فى المطالب رقم الحديث: 5040-5045-5047' والطبرانى رقم الحديث: 9487 . وروى هذا الحديث عن ابن مسعود من وجوه أخر فقوله ان من أشراط الساعة أن تتخذ المساجد طرقًا . من طريق الحكم بن عبد الملك عن قتاده عن سالم بن أبى الجعد عن أبيه عن ابن مسعود . أخرجه ابن خزيمة رقم الحديث: 1326' والشاشى فى مسنده رقم الحديث: 267' والطبرانى رقم الحديث: 9489 . وفى اسناده ضعف واختلاف انظر الصحيحة رقم الحديث: 649-1001' والضعيفة رقم الحديث: 1530 . وقوله وأن يسلم الرجل على الرجل بالمعرفة . أخرجه ابن أبى شيبة فى المسند رقم الحديث: 210' وأحمد رقم الحديث: 3982' والطبرانى رقم الحديث: 9491' والحاكم جلد 4صفحه445 وغيرهم من طرق عن ابن مسعود انظر الصحيحة رقم الحديث: 647-648 . وقوله وأن يتجر الرجل وامرأته جميعا أخرجه أحمد رقم الحديث: 3870-3982' والحاكم جلد 4صفحه445' وانظر الصحيحة رقم الحديث: 647 .

الْمَسْجِدَ فَرَكَعَ فَمَرَّ عَلَيْهِ رَجُلٌ وَهُوَ رَاكِعٌ فَسَلَّمَ عَلَيْهِ قَالَ عَبْدُ اللّٰهِ: صَدَقَ اللّٰهُ وَرَسُولُهُ فَلَمَّا انْصَرَفَ قَالَ: كَانَ يُقَالُ

مسجد میں حضرت عبداللہ کے ساتھ داخل ہوا' آپ نے رکوع کیا' تو آپ کے پاس سے ایک آدمی گزرا' اس نے آپ کو رکوع کی حالت میں سلام کیا' حضرت عبداللہ نے کہا: صدق اللہ ورسولہ! (اللہ اور اس کے رسول نے سچ فرمایا) پس جب سلام پھیرا' فرمایا: ایسے ہی فرمایا گیا۔

394 - حَدَّثَنَا أَبُو دَاوُدَ قَالَ: حَدَّثَنَا شَرِيكٌ، وَأَبُو عَوَانَةَ، وَشَيْبَانُ، كُلُّهُمْ عَنْ أَبِي يَعْفُورٍ، عَنِ ابْنِ أَبِي عَقْرَبٍ، قَالَ: أَتَيْنَا ابْنَ مَسْعُودٍ فَسَمِعْنَاهُ يَقُولُ: صَدَقَ اللّٰهُ وَرَسُولُهُ، صَدَقَ اللّٰهُ وَرَسُولُهُ، قُلْنَا: يَا أَبَا عَبْدِ الرَّحْمَنِ، مَا هَذَا؟ قَالَ: إِنَّ رَسُولَ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ قَالَ: لَيْلَةُ الْقَدْرِ فِي النِّصْفِ مِنَ السَّبْعِ، تُصْبِحُ الشَّمْسُ لَيْسَ لَهَا شُعَاعٌ، فَرَمَقْتُهَا فَإِذَا هِيَ كَمَا قَالَ رَسُولُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ

حضرت ابوعقرب فرماتے ہیں کہ ہم حضرت عبداللہ بن مسعود رضی اللہ عنہ کے پاس آئے' ہم نے آپ سے سنا' آپ نے فرمایا: صدق اللہ ورسولہ' صدق اللہ ورسولہ! ہم نے عرض کی: اے ابوعبدالرحمٰن! یہ آپ نے کیا کہا؟ آپ نے فرمایا: بے شک رسول اللہ ﷺ نے فرمایا کہ لیلۃ القدر ساتویں کے نصف میں ہوتی ہے' اس کی نشانی یہ ہے کہ اس دن سورج کی روشنی میں شعاع نہیں ہوتی ہے' سو میں نے آج دیکھا تو وہی صورتِ حال تھی جو رسول اللہ ﷺ نے فرمایا تھا۔

395 - حَدَّثَنَا أَبُو دَاوُدَ قَالَ: حَدَّثَنَا زُهَيْرٌ، عَنْ

حضرت عبداللہ (بن مسعود) رضی اللہ عنہ فرماتے

394- حديث صحيح واسناد المصنف ضعيف وفيه خطأ . من طريق أبي عوانة أخرجه أحمد رقم الحديث: 3858' والبخاري في الكنى (صفحه: 62) . من طريق شيبان أخرجه أحمد رقم الحديث: 3757 كلاهما عن أبي يعفور عن أبي الصلت عن أبي عقرب عن ابن مسعود وأخرجه ابن أبي شيبة جلد2صفحه512 عن أبي الأحوص عن أبي يعفور به . من طريق طلق بن حبيب عن أبي عقرب به وفي اسناده أبو خالد الدالاني وهو ضعيف أخرجه أحمد رقم الحديث: 4374' والبخاري في الكنى (صفحه: 62)' وأبو يعلى رقم الحديث: 5371' وبحشل في تاريخ واسط (صفحه: 98-99)' أخرجه مسلم رقم الحديث: 762 عن ابن مسعود .

395- حديث صحيح واسناد المصنف ضعيف للانقطاع بين أبي اسحاق وشيخه ثم ان رواية زهير عن أبي اسحاق بعد التغير . من طرق عن زهير بن أبي اسحاق عن علقمة عن ابن مسعود ولم يسمعه أبو اسحاق من علقمة كما عند ابن أبي شيبة جلد2صفحه417' وأحمد رقم الحديث: 4397' وابن ماجه رقم الحديث: 1039' والطحاوي

اَبِی اِسْحَاقَ، عَمَّنْ حَدَّثَهُ، عَنْ عَبْدِ اللّٰهِ، قَالَ: رَاَیْتُ النَّبِیَّ صَلَّی اللّٰهُ عَلَیْهِ وَسَلَّمَ یُصَلِّی فِی النَّعْلَیْنِ وَالْخُفَّیْنِ

ہیں کہ میں نے نبی اکرم ﷺ کو نعلین اور موزوں کو پہن کر نماز پڑھتے ہوئے دیکھا۔

396 ۔ حَدَّثَنَا اَبُو دَاوُدَ قَالَ: حَدَّثَنَا قَیْسٌ، عَنِ الرُّکَیْنِ بْنِ الرَّبِیعِ، عَنِ الْقَاسِمِ بْنِ حَسَّانَ، عَنْ عَبْدِ الرَّحْمٰنِ بْنِ حَرْمَلَةَ، عَنْ عَبْدِ اللّٰهِ بْنِ مَسْعُودٍ، قَالَ: کَانَ رَسُولُ اللّٰهِ صَلَّی اللّٰهُ عَلَیْهِ وَسَلَّمَ یَکْرَهُ عَشَرَةً: الصُّفْرَةَ ۔ یَعْنِی الْخَلُوقَ ۔ وَالتَّخَتُّمَ بِالذَّهَبِ، وَالرُّقَی اِلَّا بِالْمُعَوِّذَاتِ، وَعَزْلَ الْمَاءِ عَنْ مَحِلِّهِ، وَالتَّبَرُّجَ بِالزِّینَةِ لِغَیْرِ مَحِلِّهَا، وَعَقْدَ التَّمَائِمِ، وَجَرَّ الْاِزَارِ، وَاِفْسَادَ الصَّبِیِّ غَیْرَ مُحَرِّمِهِ، وَتَغْیِیرَ الشَّیْبِ،

حضرت عبداللہ بن مسعود رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ رسول اللہ ﷺ دس چیزوں کو ناپسند کرتے تھے: (۱) زرد رنگ یعنی خلوق (۲) اور سونے کی انگوٹھی پہننے کو (۳) اور معوذات کے علاوہ جھاڑ پھونک کو (۴) اور زنا کو (۵) اور اپنے شوہر کے علاوہ کسی اور کے لیے بناؤ سنگھار کرنے کو (۶) اور تعویذ لٹکانے کو (یعنی وہ تعویذ جس میں شرکیہ کلمات ہوں) (۷) اور تہبند لٹکانے کو (۸) اور بچے کی حالت کو خراب کرنے کے لیے ان ایام میں بیوی سے صحبت کرنا

جلد 1 صفحه 511' وتمام فی فوائده (354-الروض البسام) . وروی معناه أبو غسان مالك بن عثمان عن زهير عن أبی خمرة ميمون الأعور عن ابراهيم عن علقمة عن ابن مسعود أخرجه الطحاوی جلد 1 صفحه 511' والبزار رقم الحديث: 1570' والطبرانی رقم الحديث: 9972' وفی الأوسط رقم الحديث: 5017 وأبو حمزة ضعيف .

396- اسناده ضعيف لحال عبد الرحمٰن بن حرملة وعدم سماعه من ابن مسعود وبعض ألفاظ هذا الحديث منكرة . من طريق أبی بلال الأشعری عن قيس عن أبی حصين عن القاسم به أخرجه الطبرانی فی الأوسط رقم الحديث: 9408 . من طرق عن الركين بن الربيع به أخرجه أحمد رقم الحديث: 3605-3774-4179' وأبو داؤد رقم الحديث: 4222' والنسائی رقم الحديث: 5103' وأبو يعلیٰ رقم الحديث: 5074-5151' وابن حبان رقم الحديث: 5682-5683' والعقيلی جلد 2 صفحه 329' والحاكم جلد 4 صفحه 195' والبيهقی جلد 7 صفحه 232' وفی الشعب رقم الحديث: 2573 . وقال البخاری فی الكبير جلد 5 صفحه 270' وفی الضعفاء رقم الحديث: 205: عبد الرحمٰن بن حرملة...... عن ابن مسعود...... لم يصح حديثه . وفسرها ابن عدی فی الكامل جلد 4 صفحه 1619 بأن عبد الرحمٰن بن حرملة لم يسمع ابن مسعود وقال ابن المدينی لا أعلم روی عنه شیء الا من هذا الطريق ولا نعرف من أصحاب عبد الله الجرح جلد 5 صفحه 222' والتهذيب جلد 6 صفحه 161 . وقال الذهبی فی المغنی جلد 2 صفحه 112' وفی الميزان جلد 3 صفحه 369: قال البخاری: حديثه منكر .

وَالْعَرَبِ بِالْكِعَابِ

(۹) اور سفید بال اکھاڑنے کو (۱۰) اور گوٹیوں سے کھیلنے کو۔

397 - حَدَّثَنَا اَبُو دَاوُدَ قَالَ: حَدَّثَنَا شُعْبَةُ، عَنْ عَمْرِو بْنِ مُرَّةَ، قَالَ: حَدَّثَنِي شَيْخٌ، عَنْ شَيْخٍ، لَنَا لَمْ اُدْرِكْهُ قَالَ: دَخَلْتُ مَعَ عَبْدِ اللّٰهِ بْنِ مَسْعُودٍ عَلَى خَبَّابٍ وَقَدِ اكْتَوَى، فَقَالَ عَبْدُ اللّٰهِ: اَمَا عَلِمْتَ اَنَّا قَدْ نُهِينَا عَنْ هٰذَا، فَكُرِهَ لَنَا؟ قَالَ خَبَّابٌ: اشْتَدَّ الْبَلَاءُ فَقَالَتِ الْاَطِبَّاءُ: لَا دَوَاءَ لَكَ اِلَّا ذٰلِكَ، فَقَالَ عَبْدُ اللّٰهِ: مَا كُنْتُ اَخَافُكَ عَلَى هٰذَا

حضرت عمرو بن مرہ فرماتے ہیں کہ مجھ سے میرے شیخ نے اپنے شیخ سے حدیث بیان کی کہ میں حضرت عبداللہ بن مسعود رضی اللہ عنہ کے ساتھ حضرت خباب رضی اللہ عنہ کے پاس آیا' انہوں نے داغ لگایا ہوا تھا' حضرت عبداللہ نے فرمایا: کیا آپ کو معلوم نہیں کہ اس سے منع کیا گیا ہے؟ اور ہمارے لیے اسے ناپسند کیا گیا ہے۔ حضرت خباب نے کہا: سخت بیماری کی وجہ سے لگایا ہے' طبیب حضرات نے کہا تھا کہ اس کی دوا صرف یہی ہے۔ تو حضرت عبداللہ بن مسعود رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں: مجھے آپ پر اس کا خوف نہیں ہے۔

398 - حَدَّثَنَا اَبُو دَاوُدَ قَالَ: حَدَّثَنَا اَبُو عَوَانَةَ، وَشَيْبَانُ، وَقَيْسٌ، كُلُّهُمْ عَنْ جَابِرٍ، عَنِ الْقَاسِمِ بْنِ عَبْدِ الرَّحْمٰنِ، عَنْ اَبِيهِ، عَنْ عَبْدِ اللّٰهِ بْنِ مَسْعُودٍ، قَالَ: اُتِيَ رَسُولُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ بِسَبْيٍ فَجَعَلَ يُعْطِي اَهْلَ الْبَيْتِ كُلَّهُمْ جَمِيعًا، وَكَرِهَ اَنْ يُفَرِّقَ بَيْنَهُمْ

حضرت عبداللہ بن مسعود رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کے پاس قیدی لائے گئے تو آپ نے سارے کے سارے اپنے اہل بیت کو دے دیئے' اس وجہ سے کہ آپ کو ان کے درمیان جدائی ناپسند تھی۔

399 - حَدَّثَنَا اَبُو دَاوُدَ قَالَ: حَدَّثَنَا

حضرت قاسم فرماتے ہیں کہ حضرت عبداللہ الاشعث

397- اسناده ضعيف لابهام الراويين فيه وعزاه الحافظ فى المطالب رقم الحديث: 2753 للمصنف ـ

398- اسناده ضعيف ومنقطع لضعف جابر الجعفى وعبد الرحمٰن هو ابن مسعود لم يسمع من أبيه من طريق المصنف أخرجه البيهقى جلد9صفحه128 ـ

399- حديث صحيح واسناده المصنف منقطع القاسم بن عبد الرحمٰن بن عبد الله بن مسعود لم يسمع جده ابن مسعود قاله الترمذى والبيهقى وغيرهما ـ انظر جامع الفضل (صفحه: 252) ـ من طريق المسعودى به أخرجه أحمد رقم الحديث: 4445' والبيهقى جلد 5صفحه333 ـ من طريق الثورى أخرجه عبد الرزاق رقم الحديث: 15185' وأحمد رقم الحديث: 4446-4447 ـ من طريق ابان بن تغلب أخرجه أبو يعلىٰ رقم الحديث: 5405 ـ

الْمَسْعُودِيُّ، عَنِ الْقَاسِمِ، قَالَ: بَايَعَ عَبْدُ اللّٰهِ الْاَشْعَثَ بْنَ قَيْسٍ بِرَقِيقٍ مِنْ رَقِيقِ الْإِمَارَةِ، فَاَرْسَلَ اِلَيْهِ يَتَقَاضَاهُ، فَقَالَ الْاَشْعَثُ: بِعْتَنِي بِعَشَرَةِ آلافٍ، وَقَالَ عَبْدُ اللّٰهِ: بِعْتُكَ بِعِشْرِينَ اَلْفًا، قَالَ عَبْدُ اللّٰهِ: اخْتَرْ بَيْنِي وَبَيْنَكَ رَجُلًا، فَقَالَ الْاَشْعَثُ: اَمَا وَاللّٰهِ لَاَخْتَارَنَّ، اَنْتَ بَيْنِي وَبَيْنَ نَفْسِكَ، فَقَالَ عَبْدُ اللّٰهِ: اَمَا وَاللّٰهِ لَاَقْضِيَنَّ بَيْنِي وَبَيْنَكَ بِقَضَاءٍ سَمِعْتُهُ مِنْ رَسُولِ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ: اِذَا اخْتَلَفَ الْبَيِّعَانِ وَلَمْ يَكُنْ بَيْنَهُمَا بَيِّنَةٌ، فَهُوَ بِمَا يَقُولُ رَبُّ السِّلْعَةِ اَوْ يَتَتَارَكَانِ وَيَرْوِيهِ هُشَيْمٌ عَنِ الْقَاسِمِ، عَنْ اَبِيهِ، عَنْ عَبْدِ اللّٰهِ

بن قیس نے حکومت کے غلام کے بدلے ایک غلام خریدا' سوانہوں نے کسی کوان کی طرف پیسے لینے کے لیے بھیجا' تو حضرت اشعث نے کہا: میں نے آپ سے دس ہزار کے بدلے خرید لیے' حضرت عبداللہ نے کہا: میرے اور اپنے درمیان جس آدمی کو چاہیں اختیار کریں' حضرت عبداللہ نے فرمایا: اللہ کی قسم! میں تمہارے اور اپنے درمیان وہی فیصلہ کروں گا جو میں نے رسول اللہ ﷺ سے سنا ہے' آپ ﷺ نے فرمایا: جب دو بیع کرنے والوں کے درمیان اختلاف ہوجائے اور ان دونوں کے درمیان گواہ بھی نہ ہوتو وہ وہی کچھ کرے جو سامان کا مالک کہتا ہے' یا دونوں چھوڑ دیں۔ اور اسے ہشیم نے از حضرت قاسم از

من طريق أبي العميس عتبة بن عبد الله ثلاثتهم عن القاسم به مطولًا ومختصرًا أخرجه الدارقطني جلد3 صفحه20' والبيهقي جلد5صفحه333 . أخرجه الطبراني في الكبير رقم الحديث: 10365' انظر العلل للدارقطني جلد5صفحه203' والارواء جلد5 صفحه168 . من طريق هشيم عن ابن أبي ليلى عن القاسم عن أبيه عن ابن مسعود أخرجه الدارمي رقم الحديث: 252' وأبو داؤد رقم الحديث: 3512' وابن ماجة رقم الحديث: 2186' وأبو يعلى رقم الحديث: 4984' والدارقطني جلد 3 صفحه 21' والبيهقي جلد5صفحه333 . أخرجه أحمد رقم الحديث: 4443 عن هشيم به وليس فيه: عن أبيه . ورواه اسماعيل بن عياش عن موسى بن عقبة عن ابن أبي ليلى به وزاد السلعة كما هي لم تستهلك . أخرجه الدارقطني جلد3 صفحه20-21 . من طريق عمرو بن أبي قيس عن عمر بن قيس أخرجه البزار رقم الحديث: 1995' وابن الجارود رقم الحديث: 624' والدارقطني جلد3صفحه20 . ورواه عبد الرحمٰن بن قيس بن محمد بن الأشعث عن أبيه عن جده عن ابن مسعود أخرجه أبو داؤد رقم الحديث: 3511' والنسائي رقم الحديث: 4648' والدارقطني جلد3صفحه20' والحاكم جلد2صفحه45' والبيهقي جلد5صفحه332' وروى من وجوه أخر عن ابن مسعود لا تخلو آحادها من ضعف . انظر العلل للدارقطني جلد5صفحه203-205' والتلخيص الكبير جلد3صفحه30-32' والصحيحة رقم الحديث:398' والارواء جلد5صفحه166-171 .

والد خود از حضرت عبداللہ رضی اللہ عنہ روایت کیا۔

400 - حَدَّثَنَا أَبُو دَاوُدَ قَالَ: حَدَّثَنَا عِمْرَانُ الْقَطَّانُ، عَنْ قَتَادَةَ، عَنْ عَبْدِ رَبِّهِ، عَنْ أَبِي عِيَاضٍ، عَنْ عَبْدِ اللَّهِ بْنِ مَسْعُودٍ، أَنَّ رَسُولَ اللَّهِ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ قَالَ: إِيَّاكُمْ وَمُحَقَّرَاتِ الْأَعْمَالِ إِنَّهُنَّ لَيَجْتَمِعْنَ عَلَى الرَّجُلِ حَتَّى يُهْلِكْنَهُ، فَإِنَّ رَسُولَ اللَّهِ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ ضَرَبَ لَهُنَّ مَثَلًا كَمَثَلِ قَوْمٍ نَزَلُوا بِأَرْضٍ فَلَاةٍ فَحَضَرَ صَنِيعُ الْقَوْمِ فَجَعَلَ الرَّجُلُ يَجِيءُ بِالْعُودِ وَالرَّجُلُ يَجِيءُ بِالْعُوَيْدِ حَتَّى جَمَعُوا مِنْ ذَلِكَ سَوَادًا ثُمَّ أَجَّجُوا نَارًا فَأَنْضَجَتْ مَا قُذِفَ فِيهَا

حضرت عبداللہ (بن مسعود) رضی اللہ عنہ سے روایت ہے کہ نبی اکرم ﷺ نے فرمایا: چھوٹے چھوٹے گناہوں سے بچو! یہ ادنیٰ گناہ جس میں جمع ہو جائیں اسے ہلاکت میں ڈال دیتے ہیں' نبی اکرم ﷺ نے ان کی مثال ایسی قوم سے دی ہے جو خشک زمین پر اُترے اور ان کے پاس (دوسری) قوم کا کھانا بھی آ جائے' ایک آدمی بڑی لکڑیاں جبکہ دوسرا آدمی دو چھوٹی لکڑیاں اکٹھی کرنی شروع کر دے' یہاں تک کہ وہ اندھیرے میں جمع ہو جائیں' تھوڑی دیر بعد آگ جلائیں اور وہ چیز پک کر تیار ہو جائے جو اس آگ میں ڈالی گئی تھی۔

401 - حَدَّثَنَا أَبُو دَاوُدَ قَالَ: حَدَّثَنَا مُحَمَّدُ بْنُ خَازِمٍ، عَنِ الْأَعْمَشِ، عَنْ عَبْدِ اللَّهِ بْنِ مُرَّةَ، عَنِ الْحَارِثِ الْأَعْوَرِ، عَنْ عَبْدِ اللَّهِ، قَالَ: إِنَّ آكِلَ الرِّبَا وَمُوكِلَهُ وَشَاهِدَيْهِ وَكَاتِبَهُ وَالْوَاشِمَةَ وَالْمُسْتَوْشِمَةَ

حضرت عبداللہ (بن مسعود) رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ بے شک سود کھانے والا' اس کا وکیل بننے والا' اس کا گواہ بننے والا' اور اس کو لکھنے والا' اور خوبصورتی کے لیے جسم گودنے اور گدوانے والی عورتیں' اور زکوٰۃ چھپانے والے

400- اسناده ضعيف تفرد به عمران القطان عن قتادة وليس بالقوى . من طريق المصنف أخرجه أحمد رقم الحديث: 3818' وفى الزهد صفحه 31' وفى الشعب رقم الحديث: 285 . من طريق عمران القطان به أخرجه الطبرانى فى الكبير رقم الحديث: 10500' وفى الأوسط رقم الحديث: 2529 . وله شاهد عن سهل بن سعد عند أحمد رقم الحديث: 22860' والبيهقى فى الشعب رقم الحديث: 7267' من حديث عائشة عند أحمد رقم الحديث: 24460-25218' وابن حبان رقم الحديث: 5568 .

401- اسناده ضعيف فيه الحارث وله متابعات تصحح بعض أجزائه . من طريق الأعمش أخرجه عبد الرزاق رقم الحديث: 5100-10793-15350' وأحمد رقم الحديث: 3881-4090-4428' والنسائى رقم الحديث: 5117-5118' وأبو يعلى رقم الحديث: 5241' وابن حبان رقم الحديث: 3252' والطحاوى فى المشكل رقم الحديث: 1726' والبيهقى فى الشعب رقم الحديث: 5507 .

لِلْمُحْسِنِ، وَالْمُسْتَحِلَّ، وَالْمُسْتَحَلَّ لَهُ، وَلَاوِيَ الصَّدَقَةِ، وَالْمُرْتَدَّ اَعْرَابِيًّا بَعْدَ هِجْرَتِهِ، مَلْعُونُونَ عَلَى لِسَانِ مُحَمَّدٍ يَوْمَ الْقِيَامَةِ

اور ہجرت کے بعد مرتد ہونے والے یہ حضرت محمد ﷺ کی زبان مبارک سے لعنتی قرار دیے گئے ہیں۔

402 ــــ حَدَّثَنَا اَبُو دَاوُدَ قَالَ: حَدَّثَنَا الْمَسْعُودِيُّ، عَنِ الْحَسَنِ بْنِ سَعْدٍ، عَنْ عَبْدَةَ النَّهْدِيِّ، عَنْ عَبْدِ اللّٰهِ بْنِ مَسْعُودٍ، قَالَ: قَالَ رَسُولُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ: اِنَّ اللّٰهَ عَزَّ وَجَلَّ لَمْ يُحَرِّمْ حُرْمَةً اِلَّا وَقَدْ عَلِمَ اَنَّهُ سَيَطَّلِعُهَا مِنكُمْ مُطَّلِعٌ، اَلَا وَاِنِّي مُمْسِكٌ بِحُجَزِكُمْ اَنْ تَهَافَتُوا فِي النَّارِ كَمَا تَهَافَتُ الذِّبَّانُ

حضرت عبداللہ بن مسعود رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ رسول اللہ ﷺ نے فرمایا: بے شک اللہ عزوجل نے کوئی چیز حرام نہیں کی مگر یہ کہ بے شک وہ جانتا ہے کہ تم میں سے اسے جھانک کر دیکھنے والا دیکھے گا‘ خبردار! میں تم کو جہنم کی آگ سے بچانے کے لیے تمہاری کمر سے پکڑ کر تمہیں کھینچ رہا ہوں‘ مگر اس میں تم گر رہے ہو‘ جیسے کہ مکھیاں گرتی ہیں (روشنی کے قریب)۔

403 ـ حَدَّثَنَا اَبُو دَاوُدَ قَالَ: حَدَّثَنَا عَبْدُ الْوَاحِدِ بْنُ وَاصِلٍ، عَنْ عَوْفِ بْنِ اَبِي جَمِيلَةَ الْاَعْرَابِيِّ، قَالَ: بَلَغَنِي عَنْ سُلَيْمَانَ بْنِ جَابِرٍ، عَنْ عَبْدِ اللّٰهِ، قَالَ: قَالَ رَسُولُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ: اِنِّي امْرُؤٌ مَقْبُوضٌ فَتَعَلَّمُوا الْقُرْآنَ وَعَلِّمُوهُ النَّاسَ وَتَعَلَّمُوا الْفَرَائِضَ وَعَلِّمُوهُ النَّاسَ وَتَعَلَّمُوا الْعِلْمَ وَعَلِّمُوهُ النَّاسَ فَاِنِّي مَقْبُوضٌ وَاِنَّهُ سَيُنْقَصُ الْعِلْمُ وَتَظْهَرُ الْفِتَنُ حَتّٰى يَخْتَلِفَ الِاثْنَانِ فِي الْفَرِيضَةِ فَلَا يَجِدَانِ مَنْ

حضرت عبداللہ (بن مسعود) رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ رسول اللہ ﷺ نے فرمایا: بلاشبہ میں بھی آدمی ہوں‘ میں دنیا سے جانے والا ہوں‘ سو تم قرآن سیکھو اور اسے لوگوں کو سکھاؤ‘ اور تم علم الفرائض سیکھو اور اسے لوگوں کو سکھاؤ‘ اور علم سیکھو اور اسے لوگوں کو سکھاؤ‘ کیونکہ میں دنیا سے جانے والا ہوں اور عنقریب علم کم ہو جائے گا اور فتنے ظاہر ہوں گے یہاں تک کہ دو آدمی کسی مسئلہ کے متعلق اختلاف کریں گے تو کوئی ان کے درمیان فیصلہ کرنے کے

402- اسناده ضعيف فيه المسعودى صدوق اختلط والحديث أخرجه ابن أبى شيبة فى مسنده رقم الحديث: 271‘ وأحمد رقم الحديث: 3705-4207‘ وأبو يعلىٰ رقم الحديث: 5288‘ والطبرانى رقم الحديث: 10511 .

403- اسناده فيه اضطراب أخرجه النسائى فى الكبرىٰ رقم الحديث: 6306‘ وأخرجه الترمذى رقم الحديث: 2091‘ والبيهقى جلد6 صفحه208‘ وأخرجه الحاكم جلد4 صفحه333‘ وابن عبد البر فى جامع بيان العلم رقم الحديث: 1029‘ والدارمى رقم الحديث: 221‘ وأبو يعلىٰ رقم الحديث: 5028‘ والدارقطنى جلد4 صفحه81‘ والبيهقى جلد6 صفحه208 .

يَفْصِلِ بَيْنَهُمَا

لیے نہیں ملے گا۔

404 ـ حَدَّثَنَا أَبُو دَاوُدَ قَالَ: حَدَّثَنَا هِشَامٌ، عَنْ قَتَادَةَ، عَنِ الْحَسَنِ، عَنْ عِمْرَانَ بْنِ حُصَيْنٍ، عَنْ عَبْدِ اللّٰهِ بْنِ مَسْعُودٍ، قَالَ: كُنَّا عِنْدَ رَسُولِ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ ذَاتَ لَيْلَةٍ حَتَّى أَكْرَيْنَا الْحَدِيثَ ثُمَّ رَجَعْنَا إِلَى أَهَالِينَا فَلَمَّا أَصْبَحْنَا غَدَوْنَا إِلَى رَسُولِ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ فَقَالَ رَسُولُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ: عُرِضَ عَلَيَّ الْأَنْبِيَاءُ بِأُمَمِهَا وَأَتْبَاعِهَا مِنْ أُمَمِهَا فَجَعَلَ يَمُرُّ النَّبِيُّ مَعَهُ الثَّلَاثَةُ مِنْ أُمَّتِهِ وَالنَّبِيُّ مَعَهُ الْعِصَابَةُ مِنْ أُمَّتِهِ وَالنَّبِيُّ يَمُرُّ مَعَهُ النَّفَرُ مِنْ أُمَّتِهِ وَالنَّبِيُّ يَمُرُّ مَعَهُ الرَّجُلُ مِنْ أُمَّتِهِ وَالنَّبِيُّ مَا مَعَهُ أَحَدٌ مِنْ أُمَّتِهِ حَتَّى مَرَّ عَلَيَّ مُوسَى بْنُ عِمْرَانَ فِي كَبْكَبَةٍ مِنْ بَنِي

حضرت عبداللہ بن مسعود رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ ہم ایک رات رسول اللہ ﷺ کے پاس تھے یہاں تک کہ ہم نے بہت زیادہ احادیث یاد کیں' پھر ہم اپنے گھر واپس آ گئے' پس جب صبح ہوئی تو ہم رسول اللہ ﷺ کے پاس آتے' رسول اللہ ﷺ نے فرمایا: مجھ پر انبیاء کرام اور اُن کی اُمتیں اور اُن کی اتباع کرنے والے پیش کیے گئے' چنانچہ ایک نبی گزرے تو اُن کے ساتھ تین ان کے اُمتی تھے' اور ایک نبی گزرے اُن کے ساتھ ان کی امت کا ایک گروہ تھا' اور ایک نبی گزرے تو اُن کے ساتھ ان کے اُمتیوں کی ایک جماعت تھی' اور ایک نبی گزرے تو اُن کے ساتھ ان کا ایک اُمتی تھا' اور ایک نبی گزرے تو اُن

404- حديث صحيح اذ الصحيح سماع الحسن من عمران ثم ان العلاء بن زياد وهو ثقة . من طريق هشام به أخرجه أحمد رقم الحديث: 3987-3988' والطحاوى رقم الحديث: 358' وابن حبان رقم الحديث: 7346' والشاشى فى مسنده رقم الحديث: 274' والطبرانى رقم الحديث: 9767' والسهمى فى تاريخ جرجان صفحه 331-332' والخطيب فى المدرج صفحه 651 . من طريق شيبان أخرجه ابن أبى شيبة فى المسند رقم الحديث: 401' وفى المصنف جلد7 صفحه 427' وأبو يعلٰى رقم الحديث: 5339' وابن عبد البر فى التمهيد جلد 5صفحه266 . وأخرجه عبد الرزاق رقم الحديث: 19519' ومن طريقه أحمد رقم الحديث: 3806' والطبرانى رقم الحديث: 9766 عن معمر كلاهما عن قتادة' به . من طريق ابن أبى عربة عن قتادة عن الحسن والعلاء بن زياد عن عمران أخرجه أحمد رقم الحديث: 3989' وابن حبان رقم الحديث: 6431' والبزار رقم الحديث: 1440' والطبرانى رقم الحديث: 9768-9769' والحاكم جلد 4صفحه577' وعند أحمد فى الأول والطبرانى فى الثانى لم يذكر العلاء فى الاسناد . من طريقه آخرون عن قتادة به يذكر العلاء فيه أخرجه الطبرانى رقم الحديث: 9765-9770 . وقال الحاكم: صحيح الاسناد . ووافقه الذهبى وصححه أيضًا ابن كثير فى التفسير جلد2صفحه8' سورة آل عمران:110' والحافظ فى الفتح جلد 11صفحه407 .

إِسْرَائِيلَ فَلَمَّا رَأَيْتُهُمْ أَعْجَبُونِي فَقُلْتُ: يَا رَبِّ مَنْ هَذَا؟ قَالَ: هَذَا أَخُوكَ مُوسَى بْنُ عِمْرَانَ وَمَنْ تَبِعَهُ مِنْ بَنِي إِسْرَائِيلَ قُلْتُ: يَا رَبِّ فَأَيْنَ أُمَّتِي؟ قَالَ: انْظُرْ عَنْ يَمِينِكَ فَنَظَرْتُ فَإِذَا الظِّرَابُ ظِرَابُ مَكَّةَ قَدْ سُدَّتْ بِوُجُوهِ الرِّجَالِ قُلْتُ يَا: رَبِّ مَنْ هَؤُلَاءِ؟ قِيلَ: هَؤُلَاءِ أُمَّتُكَ قِيلَ: أَرَضِيتَ؟ ، قُلْتُ: نَعَمْ قَدْ رَضِيتُ قِيلَ: انْظُرْ عَنْ يَسَارِكَ فَنَظَرْتُ فَإِذَا الْأُفُقُ قَدْ سُدَّ بِوُجُوهِ الرِّجَالِ قُلْتُ: يَا رَبِّ مَنْ هَؤُلَاءِ؟ قِيلَ: هَؤُلَاءِ أُمَّتُكَ قِيلَ: أَرَضِيتَ؟ قُلْتُ: نَعَمْ رَبِّ رَضِيتُ، قِيلَ: فَإِنَّ مَعَ هَؤُلَاءِ سَبْعِينَ أَلْفًا يَدْخُلُونَ الْجَنَّةَ بِغَيْرِ حِسَابٍ ، فَأَنْشَأَ عُكَّاشَةُ بْنُ مِحْصَنٍ أَخُو بَنِي أَسَدٍ فَقَالَ: يَا رَسُولَ اللّٰهِ ادْعُ اللّٰهَ أَنْ يَجْعَلَنِي مِنْهُمْ فَقَالَ: اللّٰهُمَّ اجْعَلْهُ مِنْهُمْ، فَأَنْشَأَ رَجُلٌ آخَرُ فَقَالَ: يَا رَسُولَ اللّٰهِ ادْعُ اللّٰهَ أَنْ يَجْعَلَنِي مِنْهُمْ قَالَ: سَبَقَكَ بِهَا عُكَّاشَةُ بْنُ مِحْصَنٍ، قَالَ: وَذُكِرَ لَنَا أَنَّ رَسُولَ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ قَالَ: فِدَاكُمْ أَبِي وَأُمِّي إِنِ اسْتَطَعْتُمْ أَنْ تَكُونُوا مِنَ السَّبْعِينَ فَكُونُوا فَإِنْ عَجَزْتُمْ وَقَصَّرْتُمْ فَكُونُوا مِنْ أَهْلِ الظِّرَابِ فَإِنْ عَجَزْتُمْ وَقَصَّرْتُمْ فَكُونُوا مِنْ أَهْلِ الْأُفُقِ فَإِنِّي قَدْ رَأَيْتُ ثَمَّ نَاسًا يَتَهَاوَشُونَ كَثِيرًا، قَالَ: وَذُكِرَ لَنَا أَنَّ رِجَالًا مِنَ الْمُؤْمِنِينَ أَوْ نَاسًا مِنَ الْمُؤْمِنِينَ تَرَاجَعُوا بَيْنَهُمْ فَقَالُوا: مَا تَرَوْنَ هَؤُلَاءِ السَّبْعِينَ أَلْفًا؟ حَتَّى صَيَّرُوا مِنْ أُمُورِهِمْ أَنْ قَالُوا: نَاسٌ وُلِدُوا فِي الْإِسْلَامِ فَلَمْ يَزَالُوا يَعْمَلُونَ بِهِ حَتَّى مُوِّتُوا عَلَيْهِ فَبَلَغَ حَدِيثُهُمْ نَبِيَّ اللّٰهِ

کے ساتھ ان کا کوئی بھی اُمتی نہ تھا' یہاں تک کہ حضرت موسیٰ بن عمران علیہ السلام گزرے ان کے ساتھ بنی اسرائیل کی ایک جماعت تھی' پس جب میں نے اُن کو دیکھا تو مجھے تعجب ہوا' میں نے عرض کی: اے میرے رب! یہ کون ہیں؟ فرمایا: یہ آپ کے بھائی حضرت موسیٰ بن عمران علیہ السلام ہیں اور جنہوں نے بنی اسرائیل میں سے ان کی اتباع کی' میں نے عرض کی: اے میرے رب! میری اُمت کہاں ہے؟ فرمایا: اپنی دائیں جانب دیکھیں! سو میں نے دیکھا تو مکہ کے پہاڑوں میں سے ایک پہاڑ لوگوں کے چہروں سے بھرا ہوا ہے' میں نے عرض کی: اے میرے رب! یہ کون ہیں؟ فرمایا گیا: آپ کی اُمت ہے' کہا گیا: کیا آپ راضی ہیں؟ میں نے عرض کی: جی ہاں! میں راضی ہوں' پھر کہا گیا: اپنے بائیں جانب دیکھیں! سو میں نے دیکھا کہ آسمان کا کنارہ لوگوں کے چہروں سے بھرا ہوا ہے' میں نے عرض کی: اے میرے رب! یہ کون ہیں؟ کہا گیا: آپ کی اُمت ہے! کیا آپ راضی ہیں؟ میں نے عرض کی: اے میرے رب! میں راضی ہوں' فرمایا: ان کے ساتھ ستّر ہزار وہ بھی ہوں گے جو بغیر حساب و کتاب کے جنت میں داخل ہوں گے۔ تو بنو اسد کے حضرت عکاشہ بن محصن رضی اللہ عنہ نے عرض شروع کی: یارسول اللہ! دعا کریں کہ اللہ تعالیٰ مجھے بھی اُن میں شامل کرے! آپ نے فرمایا: اے اللہ! اس کو اُن لوگوں میں شامل کر! سو ایک دوسرا آدمی اُٹھا اور اس نے عرض کی: یارسول اللہ! میرے لیے بھی دعا کریں کہ اللہ تعالیٰ مجھے بھی اُن لوگوں میں شامل

صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ فَقَالَ: لَيْسَ كَذَاكُمْ وَلٰكِنَّهُمُ الَّذِينَ لَا يَكْتَوُونَ وَلَا يَسْتَرْقُونَ وَلَا يَتَطَيَّرُونَ وَعَلٰى رَبِّهِمْ يَتَوَكَّلُونَ وَذُكِرَ لَنَا اَنَّ نَبِيَّ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ قَالَ: اِنِّي لَاَرْجُو اَنْ يَكُونَ مَنْ يَتْبَعُنِي مِنْ اُمَّتِي رُبُعَ اَهْلِ الْجَنَّةِ فَكَبَّرْنَا فَقَالَ: اِنِّي لَاَرْجُو اَنْ يَكُونُوا الشَّطْرَ قَالَ: فَكَبَّرُوا قَالَ: وَتَلَا هٰذِهِ الْآيَةَ (ثُلَّةٌ مِنَ الْاَوَّلِينَ وَثُلَّةٌ مِنَ الْآخِرِينَ)(الواقعة: **40**)

کرے! فرمایا: عکاشہ بن محصن تجھ سے سبقت لے گئے ہیں۔ پھر فرماتے ہیں کہ ہم سے ذکر کیا گیا کہ رسول اللہ ﷺ نے فرمایا: تم پر میرے ماں باپ قربان ہوں! ہو سکے تو اُن ستر ہزار میں سے ہو جاؤ' اگر تم اس سے عاجز آ جاؤ' اور اگر اس میں کم ہو جاؤ تو ہو سکے تو اہل الظر اب میں سے ہو جاؤ' اور اگر اس سے بھی عاجز آ جاؤ' اور ہو سکے تو اُفق والوں میں سے ہو جاؤ کیونکہ میں نے بہت سے لوگوں کو ملتے ہوئے دیکھا ہے۔ حضرت عبداللہ رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ ہم سے ذکر کیا گیا کہ بہت سے مؤمن مرد یا مؤمن لوگ آپس میں مذاکرہ کرنے لگے کہ یہ کون لوگ ہوں گے جو ستر ہزار بے حساب و کتاب جنت میں جائیں گے' بعض نے کہا: وہ لوگ جو اسلام پر پیدا ہوئے اور اسلام پر ہی عمل کرتے رہے یہاں تک کہ ان کا وصال ہوا' اُن کی یہ بات اللہ کے نبی ﷺ تک پہنچی تو آپ نے فرمایا: یہ وہ نہیں ہوں گے بلکہ یہ وہ لوگ ہیں جو داغ لگا کر علاج کرنے والے نہیں ہوں گے' اور نہ جھاڑ پھونک کرنے والے ہوں گے' اور اپنے رب پر ہی توکل کرتے ہوں گے' اور ہم سے ذکر کیا گیا کہ اللہ کے نبی ﷺ نے فرمایا: میں اُمید کرتا ہوں کہ جو میری اتباع کریں گے میری اُمت میں سے' وہ جنت میں چوتھائی حصہ ہوں گے۔ سو ہم نے اللہ اکبر کا نعرہ لگایا' آپ ﷺ نے فرمایا: مجھے امید ہے کہ وہ آدھے اہل جنت میں سے ہوں گے' ہم نے پھر اللہ اکبر کا نعرہ لگایا' پھر آپ نے یہ آیت تلاوت کی: "ثُلَّةٌ مِنَ الْاَوَّلِينَ وَثُلَّةٌ مِنَ الْآخِرِينَ" (الواقعہ: ۴۰)۔

405 ـ حَدَّثَنَا اَبُو دَاوُدَ قَالَ: حَدَّثَنَا عَمْرُو بْنُ ثَابِتٍ، عَنْ اَبِی اِسْحَاقَ، عَنْ خُمَيْرِ بْنِ مَالِكٍ، قَالَ: سَمِعْتُ ابْنَ مَسْعُودٍ، يَقُولُ: اِنِّی غَالٌّ مُصْحَفِی فَمَنِ اسْتَطَاعَ اَنْ يَغُلَّ مُصْحَفًا فَلْيَفْعَلْ فَاِنَّ اللّٰهَ عَزَّ وَجَلَّ قَالَ (وَمَنْ يَغْلُلْ يَاْتِ بِمَا غَلَّ يَوْمَ الْقِيَامَةِ)(آل عمران: **161**)وَلَقَدْ اَخَذْتُ مِنْ فِی رَسُولِ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ سَبْعِينَ سُورَةً، وَاِنَّ زَيْدَ بْنَ ثَابِتٍ لَصَبِیٌّ مِنَ الصِّبْيَانِ، فَاَنَا اَدَعُ مَا اَخَذْتُ مِنْ فِی رَسُولِ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ

حضرت (عبداللہ) ابن مسعود رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ میں اپنے مصحف میں غلو کرتا ہوں' پس جو مصحف میں غلو کرنے کی طاقت رکھتا ہے وہ غلو کرے' بے شک اللہ عزوجل فرماتا ہے: اور جو چھپا کر رکھے گا وہ قیامت کے دن اپنی چھپائی ہوئی چیزیں لے کر آئے گا' اور بے شک میں نے رسول اللہ ﷺ کے منہ مبارک سے ستر سورتیں یاد کی ہیں' اور حضرت زید بن ثابت رضی اللہ عنہ اس وقت بچوں میں سے ایک بچے تھے' پس میں نے ان چیزوں کو اپنے پاس بطور امانت رکھا ہوا ہے' جو میں نے نبی اکرم ﷺ کی زبانی نبوت سے سنی ہیں۔

14- اَحَادِيثُ حُذَيْفَةَ بْنِ الْيَمَانِ رَحِمَهُ اللّٰهُ

حضرت حذیفہ بن یمان رضی اللہ عنہ کی احادیث

406 ـ حَدَّثَنَا يُونُسُ قَالَ: حَدَّثَنَا اَبُو دَاوُدَ

حضرت حذیفہ رضی اللہ عنہ سے روایت ہے کہ رسول

405- حديث صحيح واسناد المصنف ضعيف لحال عمرو بن ثابت وحمير بن مالك وقد صح من طريق آخر . من طريق المصنف به أو مثله أخرجه ابن أبي داؤد في المصاحف (صفحه: 15) . من طريق المصنف ببعضه أخرجه البخاری فی التاريخ جلد 3صفحه277' وأبو نعيم فی الحلية جلد 1صفحه125 . من طريق أبي اسحاق به أخرجه أحمد رقم الحديث: 3697-3846-3929-4218' وابن أبي داؤد صفحه 15' والطبرانی رقم الحديث: 8434-8435-8436 . والحديث ثابت عن ابن مسعود من طريق شعبة بن سلمة' عنه . أخرجه البخاری رقم الحديث: 5000' ومسلم رقم الحديث: 2462' وانظر تاريخ البخاری جلد 3صفحه277' ومعجم الطبرانی جلد9صفحه70-74' والمصاحف لابن أبي داؤد صفحه14-15 .

406- حديث صحيح . من طريق شعبة به أخرجه البخاری رقم الحديث: 224' وأبو داؤد رقم الحديث: 23' والنسائی رقم الحديث: 26' وابن حبان رقم الحديث: 1424' والخطيب جلد 5صفحه11-12 . من طريق الأعمش به أخرجه عبد الرزاق رقم الحديث: 751' والحميدی رقم الحديث: 442' ومسلم رقم الحديث: 273' وأبو داؤد

ق ن حدثنا شعبة، عن الأعمش، سمع أبا وائل، عن حذيفة، أن رسول الله صلى الله عليه وسلم أتى سباطة قوم فبال قائما، ثم دعا بماء فأتيته بماء فتوضأ ومسح على خفيه

اللہ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم قوم کے کوڑے کے ڈھیر پر تشریف لائے تو آپ نے کھڑے ہو کر پیشاب کیا پھر پانی مانگا تو میں آپ کے پاس پانی لے کر آیا' سو آپ نے وضو کیا اور اپنے موزوں پر مسح کیا۔

407 - حدثنا أبو داود قال: حدثنا شعبة، عن منصور، قال: سمعت أبا وائل، يحدث قال: قيل لحذيفة: إن أبا موسى يشدد في البول، قال أبو داود: قال جرير في هذا الحديث: إن أبا موسى كان يبول في قارورة ويشدد في البول، قال حذيفة: وددت أنه لا يفعل هذا، إني كنت مع رسول الله صلى الله عليه وسلم فأتى سباطة قوم فبال قائما

حضرت ابووائل بیان فرماتے ہیں کہ حضرت حذیفہ رضی اللہ عنہ سے کہا گیا کہ حضرت ابوموسیٰ رضی اللہ عنہ پیشاب کے معاملہ میں سختی کرتے ہیں۔ امام ابوداؤد فرماتے ہیں کہ حضرت جریر نے اس حدیث میں فرمایا کہ حضرت ابوموسیٰ اشعری رضی اللہ عنہ ایک شیشی میں پیشاب کرتے تھے اور پیشاب کے معاملہ میں سختی کرتے تھے حضرت حذیفہ رضی اللہ عنہ نے فرمایا: میں چاہتا ہوں کہ وہ ایسا نہ کریں' کیونکہ میں رسول اللہ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کے ساتھ تھا' آپ قوم کے کوڑے کے ڈھیر پر آئے تو آپ نے کھڑے ہو کر پیشاب کیا۔

فائدہ: یاد رہے یہ جو حضور صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے کیا تھا یہ کسی عذر کی بناء پر کیا تھا' لہٰذا اس حدیث سے کھڑے ہو کر پیشاب کرنے کا استدلال نہیں کیا جا سکتا۔ (سیالکوٹی غفرلہ)

رقم الحديث: 23' والترمذى رقم الحديث: 13' والنسائى رقم الحديث: 18' وابن ماجة رقم الحديث: 305' والبزار رقم الحديث: 2863-2864-2865' وابن حبان رقم الحديث: 1425-1427-1427 .

407- حديث صحيح من طريق المصنف أخرجه أبو عوانة جلد 1 صفحه 197 . من طريق شعبة به أخرجه البخارى رقم الحديث: 226-2471' والنسائى رقم الحديث: 27 . ثم طريق جرير عن منصور به أخرجه البخارى رقم الحديث: 225' وابن حبان رقم الحديث: 1429 . من طريق جرير به' بلفظ: ان موسىٰ كان يبول فى قارورة...... كما ذكره المصنف أخرجه مسلم رقم الحديث: 273 . رواه شعبة عن الأعمش عن أبى وائل . من طريق بهذا عن شعبة عن الأعمش ومنصور جميعًا عن أبى وائل به' بلفظ حديث الأعمش أخرجه النسائى رقم الحديث . 28 . انظر العلل لابى حاتم رقم الحديث: 2' وللدارقطنى جلد 7 صفحه 95' والجامع رقم الحديث: 13' والمسند

408 - حَدَّثَنَا اَبُو دَاوُدَ قَالَ: حَدَّثَنَا شُعْبَةُ، عَنِ الْاَعْمَشِ، وَحَمَّادُ بْنُ سَلَمَةَ، عَنْ عَاصِمٍ، كِلَيْهِمَا عَنْ اَبِي وَائِلٍ، قَالَ: قَالَ عُمَرُ: مَنْ يُحَدِّثُنَا عَنِ الْفِتْنَةِ؟ فَقَالَ حُذَيْفَةُ: اَنَا، قَالَ: اَنْتَ؟ فَقَالَ: يَا اَمِيرَ الْمُؤْمِنِينَ، فِتْنَةُ الرَّجُلِ فِي اَهْلِهِ وَمَالِهِ يُكَفِّرُهَا الصَّوْمُ وَالصَّدَقَةُ وَالْاَمْرُ بِالْمَعْرُوفِ وَالنَّهْيُ عَنِ الْمُنْكَرِ، قَالَ: لَسْتُ عَنْ هَذَا اَسْاَلُكَ، اِنَّمَا اَسْاَلُكَ عَنِ الْفِتْنَةِ الَّتِي قَبْلَ السَّاعَةِ تَمُوجُ كَمَوْجِ الْبَحْرِ، فَقَالَ: يَا اَمِيرَ الْمُؤْمِنِينَ بَيْنَكَ وَبَيْنَهَا بَابٌ مُغْلَقٌ قَالَ: فَقَالَ عُمَرُ: فَاَخْبِرْنِي عَنِ الْبَابِ يُكْسَرُ كَسْرًا اَمْ يُفْتَحُ فَتْحًا؟ قَالَ: بَلْ يُكْسَرُ كَسْرًا فَقَالَ عُمَرُ: اِذًا لَا يُغْلَقُ اِلَى يَوْمِ الْقِيَامَةِ قَالَ اَبُو وَائِلٍ: قُلْنَا لِمَسْرُوقٍ: سَلْ حُذَيْفَةَ عَنِ الْبَابِ مَنْ هُوَ فَسَاَلَهُ فَقَالَ: الْبَابُ عُمَرُ وَرَوَى النَّاسُ هَذَا الْحَدِيثَ

حضرت ابووائل فرماتے ہیں کہ حضرت عمر رضی اللہ عنہ نے کہا کہ ہم کو فتنوں کے متعلق کون بتائے گا؟ حضرت حذیفہ رضی اللہ عنہ نے کہا: میں بتاؤں گا! (حضرت عمر رضی اللہ عنہ نے) فرمایا: آپ بتائیں گے! انہوں نے عرض کی: اے امیر المؤمنین! آدمی کے لیے فتنہ اس کے اہل خانہ اور اس کا مال ہوں گے' اس کا کفارہ روزے' صدقہ' نیکی کا حکم اور برائی سے منع کرنا ہے۔ (حضرت عمر رضی اللہ عنہ نے) فرمایا: میں نے اس کے متعلق نہیں پوچھا' میں ان فتنوں کے متعلق پوچھنا چاہتا ہوں جو قیامت سے پہلے سمندر کی موجوں کی طرح ہوں گے' انہوں نے عرض کی: اے امیر المؤمنین! آپ کے اور اس (فتنہ) کے درمیان ایک بند دروازہ ہے۔ (حضرت عمر رضی اللہ عنہ نے) فرمایا: مجھے اس دروازے کے متعلق بتائیں کہ وہ توڑا جائے گا یا کھولا

للبزار رقم الحديث: 2890-2892' والسنن للبيهقي جلد1 صفحه101 .

408- حديث صحيح . عن محمود بن عن الطيالسي عن شعبة عن الأعمش وحماد وعاصم بان بهدلة سمعوا أبا وائل به أخرجه الترمذي رقم الحديث: 2258 . من طريق عمار بن رجاء عن الطيالسي عن شعبة عن عاصم والأعمش عن أبي وائل به أخرجه الطبراني في الأوسط رقم الحديث: 4835 . من طريق ابن أبي عدي وغندر عن شعبة عن الأعمش عن أبي وائل به أخرجه البخاري رقم الحديث: 3586 . من طريق حماد بن سلمة عن عاصم عن ابي وائل به أخرجه البزار رقم الحديث: 2893 . من طرق عن الأعمش به أخرجه ابن أبي شيبة جلد 15 صفحه 15-16' وأحمد رقم الحديث: 23460' والبخاري رقم الحديث: 525-1435' ومسلم رقم الحديث: 144' والنسائي في الكبرى رقم الحديث: 327' وابن ماجة رقم الحديث: 3955' والبزار رقم الحديث: 2874' وابن حبان رقم الحديث: 5966 . انظر العلل لابن أبي حاتم رقم الحديث: 2728' وروى من وجه آخر عن أبي وائل بنحوه . أخرجه البخاري رقم الحديث: 1897' ومسلم رقم الحديث: 144' وروى عن حذيفة من وجه آخر أخرجه أحمد رقم الحديث: 23328-23487' ومسلم رقم الحديث: 144 .

اَنَّ عُمَرَ قَالَ: مَنْ يُحَدِّثُنَا عَنْ حَدِيثِ النَّبِيِّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ فِي الْفِتْنَةِ؟

جائے گا؟ (حضرت حذیفہ نے) کہا: بلکہ وہ سختی سے توڑا جائے گا۔ حضرت عمر رضی اللہ عنہ نے فرمایا: پھر تو وہ قیامت تک بند نہیں ہوگا۔ حضرت ابووائل فرماتے ہیں کہ ہم نے حضرت مسروق سے کہا: آپ حضرت حذیفہ سے پوچھیں کہ وہ دروازہ کون ہے؟ انہوں (حضرت مسروق) نے پوچھا تو (حضرت حذیفہ نے) کہا: وہ دروازہ حضرت عمر رضی اللہ عنہ خود ہیں۔ اور لوگوں نے یہ حدیث روایت کی ہے کہ حضرت عمر رضی اللہ عنہ نے کہا کہ کون ہے جو ہم کو نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم کے حوالہ سے فتنہ کے متعلق حدیث بیان کرے گا۔

409- حَدَّثَنَا دَاوُدَ قَالَ: حَدَّثَنَا شُعْبَةُ، عَنْ حُصَيْنٍ، قَالَ: سَمِعْتُ اَبَا وَائِلٍ يُحَدِّثُ، عَنْ حُذَيْفَةَ، قَالَ: كَانَ رَسُولُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ اِذَا قَامَ لِلتَّهَجُّدِ يَشُوصُ فَاهُ بِالسِّوَاكِ

حضرت حذیفہ رضی اللہ عنہ سے فرماتے ہیں کہ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم جب تہجد کے لیے اُٹھتے تھے تو آپ اپنے منہ مبارک کو مسواک سے صاف کرتے تھے۔

410- حَدَّثَنَا اَبُو دَاوُدَ قَالَ: حَدَّثَنَا شُعْبَةُ، عَنِ

حضرت حذیفہ رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ منافق نبی

409- حديث صحيح من طريق شعبة به أخرجه الدارمي رقم الحديث: 691، وأحمد رقم الحديث: 23505، والنسائي رقم الحديث: 1621 . من طريق حصين به أخرجه أحمد رقم الحديث: 3361-23463، والبخاري رقم الحديث: 1136، ومسلم رقم الحديث: 255، وأبو داؤد رقم الحديث: 55، والنسائي رقم الحديث: 1620، وابن ماجه رقم الحديث: 286، والبزار رقم الحديث: 2886-2894، وابن حبان رقم الحديث: 1072-1075 وغيرهم . من طريق أبي وائل به أخرجه أحمد رقم الحديث: 23290-23463، والبخاري رقم الحديث: 245-889، ومسلم رقم الحديث: 255، وأبو داؤد رقم الحديث: 55، وابن حبان رقم الحديث: 1072-1075 وغيرهم . وروى عن أبي وائل بلفظ: كنا نؤمر بالسواك اذا قمنا من الليل . أخرجه النسائي رقم الحديث: 1622-1623، والبزار رقم الحديث: 2860 من طريق أبي حصين عثمان بن عاصم عن أبي وائل به .

410- حديث صحيح من طريق المصنف أخرجه أبو نعيم في الحلية جلد 1 صفحه 280 . من طريق شعبة به أخرجه

الْاَعْمَشِ، عَنْ اَبِی وَائِلٍ، قَالَ حُذَيْفَةُ: الْمُنَافِقُونَ الْيَوْمَ شَرٌّ مِنْهُمْ عَلَى عَهْدِ النَّبِيِّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ كَانُوا يَوْمَئِذٍ يَكْتُمُونَهُ وَهُمُ الْيَوْمَ يُظْهِرُونَهُ

اکرم ﷺ کے زمانۂ مبارک میں بدترین مخلوق تھے' اس وقت یہ اپنے آپ کو چھپاتے تھے' اور آج اپنے آپ کو ظاہر کرتے ہیں۔

411 - حَدَّثَنَا اَبُو دَاوُدَ قَالَ: حَدَّثَنَا حَمَّادُ بْنُ سَلَمَةَ، عَنْ عَاصِمِ ابْنِ بَهْدَلَةَ، عَنْ زِرِّ بْنِ حُبَيْشٍ، عَنْ حُذَيْفَةَ، اَنَّ النَّبِيَّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ اُتِيَ بِالْبُرَاقِ وَهُوَ دَابَّةٌ اَبْيَضُ فَوْقَ الْحِمَارِ وَدُونَ الْبَغْلِ فَلَمْ يُزَايِلَا ظَهْرَهُ هُوَ وَجِبْرِيلُ حَتَّى انْتَهَيَنَا اِلَى بَيْتِ الْمَقْدِسِ فَصَعِدَ بِهِ جِبْرِيلُ اِلَى السَّمَاءِ فَاسْتَفْتَحَ جِبْرِيلُ فَاَرَاهُ الْجَنَّةَ وَالنَّارَ ثُمَّ قَالَ لِي: هَلْ صَلَّى فِي بَيْتِ الْمَقْدِسِ؟ قُلْتُ: نَعَمْ، قَالَ: مَا اسْمُكَ يَا اَصْلَعُ؟ اِنِّي لَاَعْرِفُ وَجْهَكَ وَمَا اَدْرِي مَا اسْمُكَ، قَالَ: قُلْتُ اَنَا زِرُّ بْنُ حُبَيْشٍ قَالَ: فَاَيْنَ تَجِدُهُ صَلَّى؟ فَتَلَوْتُ الْآيَةَ (سُبْحَانَ الَّذِي اَسْرَى بِعَبْدِهِ)(الاسراء: 1) اِلَى آخِرِ الْآيَةِ

حضرت حذیفہ رضی اللہ عنہ سے روایت ہے کہ نبی اکرم ﷺ نے فرمایا: میرے پاس براق لایا گیا وہ سفید جانور ہے گدھے سے بڑا اور خچر سے چھوٹا ہے' میں اور جبریل مسلسل اس کی پیٹھ پر سوار رہے یہاں تک کہ ہم دونوں بیت المقدس پہنچے' پس جبریل علیہ السلام انہیں (آپ ﷺ کو) لے کر آسمان کی طرف چڑھے' حضرت جبریل نے دروازہ کھٹکھٹایا' سو انہوں نے انہیں جنت اور دوزخ دکھائی' پھر مجھے فرمایا: کیا آپ نے بیت المقدس میں نماز پڑھ لی ہے؟ میں نے کہا: ہاں! (حضرت حذیفہ رضی اللہ عنہ نے) فرمایا کہ اے گنجے! میں تیری صورت کو تو جانتا ہوں' اور میں تیرے نام کو نہیں جانتا۔ کہا کہ میں نے

الفريابى فى صفة المنافق رقم الحديث: 54 . من طريق وكيع عن الأعمش أخرجه ابن أبى شيبة جلد 15 صفحه109' والبزار رقم الحديث: 2870-2901' والفريابى رقم الحديث: 53 . من طريق أبى وائل أخرجه البخارى رقم الحديث: 7113' والنسائى فى الكبرىٰ كما فى التحفة جلد 3صفحه39' والبزار رقم الحديث: 2901' والفريابى رقم الحديث:56 .

411- حديث حسن لحال عاصم به بهدلة من طريق المصنف أخرجه البيهقى فى الدلائل جلد 2صفحه364-365 . من طرق عن حماد به أخرجه ابن أبى شيبة جلد14صفحه306' وأحمد رقم الحديث: 23380-23391' وفى الموضع الثانى عند أحمد سقط شيخه . انظر أطراف المسند جلد 2صفحه239 . من طرق عن عاصم به أخرجه الحميدى رقم الحديث: 448' وأحمد رقم الحديث: 23333-23368' والترمذى رقم الحديث: 3147' والنسائى فى الكبرىٰ رقم الحديث: 11280' والبزار رقم الحديث: 2915' وابن حبان رقم الحديث: 45' والحاكم جلد2صفحه359 . وقال الترمذى: حسن صحيح وقال الحاكم: صحيح الاسناد .

قَالَ: فَإِنَّهُ لَوْ صَلَّى فِيهِ لَصَلَّيْتُمْ كَمَا تُصَلُّونَ فِي الْمَسْجِدِ الْحَرَامِ قَالَ: قُلْتُ لِحُذَيْفَةَ: أَرَبَطَ الدَّابَّةَ بِالْحَلْقَةِ الَّتِي كَانَتْ تَرْبِطُ بِهَا الْأَنْبِيَاءُ؟ قَالَ: أَكَانَ يَخَافُ أَنْ تَذْهَبَ مِنْهُ وَقَدْ آتَاهُ اللَّهُ بِهَا

عرض کی: میرا نام زر بن حبیش ہے' آپ نے کہا: تو نے کہاں سے پایا کہ آپ نے اس میں نماز پڑھی ہے؟ تو میں نے یہ آیت تلاوت کی: ''سُبْحَانَ الَّذِیْ اَسْرٰی بِعَبْدِهٖ ''(بنی اسرائیل:۱) آخر تک۔ (حضرت حذیفہ رضی اللہ عنہ نے) کہا: اگر آپ اس میں نماز پڑھتے تو تم ضرور نماز پڑھتے' جس طرح تم مسجد حرام میں نماز پڑھتے ہو' کہتے ہیں کہ میں نے حضرت حذیفہ سے عرض کیا: آپ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے سواری وہاں باندھی تھی جہاں انبیاء علیہما السلام نے سواریاں باندھی تھیں' (حضرت حذیفہ نے جواباً) کہا: کیا آپ کو خوف تھا کہ سواری چلی جائے گی حالانکہ اللہ عزوجل نے آپ کو یہ سواری دی تھی۔

412 - حَدَّثَنَا أَبُو دَاوُدَ قَالَ: حَدَّثَنَا شُعْبَةُ، عَنْ أَبِي إِسْحَاقَ، قَالَ: سَمِعْتُ صِلَةَ بْنَ زُفَرَ، يُحَدِّثُ عَنْ حُذَيْفَةَ، قَالَ: جَاءَ أَهْلُ نَجْرَانَ إِلَى رَسُولِ اللَّهِ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ فَقَالُوا: ابْعَثْ إِلَيْنَا رَجُلًا أَمِينًا، فَقَالَ: لَأَبْعَثَنَّ إِلَيْكُمْ رَجُلًا أَمِينًا حَقَّ أَمِينٍ أَمِينًا حَقَّ أَمِينٍ أَمِينًا

حضرت حذیفہ رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ اہل نجران رسول اللہ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کی بارگاہ میں آئے' سوانہوں نے عرض کی: ہماری طرف کسی آدمی کو امیر مقرر کر کے بھیجیں' آپ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے فرمایا: میں تم پر ایسا آدمی بھیجتا ہوں جو امین ہے اور اس نے امانت کا حق ادا کر دیا ہے' یہ سن کر رسول اللہ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کے

412- حديث صحيح من طريق المصنف أخرجه أبو نعيم في الحلية جلد7صفحه175-176 . من طرق عن شعبة به أخرجه أحمد رقم الحديث: 23425-23445' والبخاري رقم الحديث: 3745-4381-7254' ومسلم رقم الحديث: 2420' والنسائي في الكبرى رقم الحديث: 8198' وابن ماجة رقم الحديث: 135' والبزار رقم الحديث: 2925' وابن حبان رقم الحديث: 6999' والبيهقي جلد10صفحه86' وأبو نعيم جلد7صفحه176 . من طرق عن أبي اسحاق به أخرجه البخاري رقم الحديث: 4380' ومسلم رقم الحديث: 2420' والترمذي رقم الحديث: 3796' والنسائي في الكبرى رقم الحديث: 8197' وابن ماجة رقم الحديث: 135 . وفيه خلاف على أبي اسحاق . انظره في العلل للدارقطني جلد5صفحه113-114' والتحفة جلد3صفحه41' والفتح جلد8صفحه94 .

حَقَّ اَمِينٍ فَاسْتَشْرَفَ لَهَا اَصْحَابُ رَسُولِ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ قَالَ: فَبَعَثَ رَسُولُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ اَبَا عُبَيْدَةَ بْنَ الْجَرَّاحِ

سب صحابہ سر اُٹھا کر دیکھنے لگے' کہتے ہیں کہ پس رسول اللہ ﷺ نے حضرت ابوعبیدہ بن جراح کو بھیجا۔

413 - حَدَّثَنَا اَبُو دَاوُدَ قَالَ: حَدَّثَنَا شُعْبَةُ، عَنْ اَبِي اِسْحَاقَ، قَالَ: سَمِعْتُ صِلَةَ بْنَ زُفَرَ، يُحَدِّثُ عَنْ حُذَيْفَةَ، قَالَ: اَلْاِسْلَامُ ثَمَانِيَةُ اَسْهُمٍ، اَلْاِسْلَامُ سَهْمٌ، وَالصَّلَاةُ سَهْمٌ، وَالزَّكَاةُ سَهْمٌ، وَالْحَجُّ سَهْمٌ، وَصَوْمُ رَمَضَانَ سَهْمٌ، وَالْاَمْرُ بِالْمَعْرُوفِ سَهْمٌ، وَالنَّهْيُ عَنِ الْمُنْكَرِ سَهْمٌ، وَالْجِهَادُ فِي سَبِيلِ اللّٰهِ سَهْمٌ، وَقَدْ خَابَ مَنْ لَا سَهْمَ لَهُ وَذَكَرُوا اَنَّ غَيْرَ شُعْبَةَ يَرْفَعُهُ

حضرت حذیفہ رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ اسلام کے آٹھ حصے ہیں: (۱) اسلام حصہ ہے (۲) نماز حصہ ہے (۳) زکوٰۃ حصہ ہے (۴) حج حصہ ہے (۵) رمضان کے روزے حصہ ہیں (۶) نیکی کا حکم دینا حصہ ہے (۷) بُرائی سے منع کرنا حصہ ہے (۸) اللہ کی راہ میں جہاد کرنا حصہ ہے' اور بلاشبہ وہ نقصان میں ہوگا جس کا کوئی حصہ نہیں۔ اور انہوں نے ذکر کیا ہے کہ حضرت شعبہ کے علاوہ اس حدیث کو مرفوعاً بیان کرتے ہیں۔

414 - حَدَّثَنَا اَبُو دَاوُدَ قَالَ: حَدَّثَنَا شُعْبَةُ، عَنْ

حضرت حذیفہ رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ لوگوں کو

413- حديث صحيح موقوفًا . عزاه الحافظ في المطالب رقم الحديث: 3207 للمصنف . من طرق عن شعبة به أخرجه عبد الرزاق رقم الحديث: 9280' وابن أبي شيبة جلد 5 صفحه 352' وابن الأعرابي في معجمة رقم الحديث: 166' والبزار رقم الحديث: 2928' والبيهقي في الشعب رقم الحديث: 7585 . من طريق يزيد بن عطاء وهو ضعيف عن أبي اسحاق' فرفعه أخرجه البزار رقم الحديث: 2927 . وقال: لا نعلم أسنده الا يزيد عن عطاء عن أبي اسحاق . وقال الدارقطني وغيره: الصحيح موقوف . انظر المطالب والاتحاف جلد 7 صفحه 474' والعلل للدارقطني جلد 3 صفحه 171-172 وروى عن أبي اسحاق عن الحارث عن علي . وهو خطأ قاله أبو حاتم وأبو زرعة وغيرهما . انظر العلل لابن أبي حاتم رقم الحديث: 1934' وللدارقطني جلد 3 صفحه 171-172' والشعب للبيهقي رقم الحديث: 7586' وروى عن ابن اسحاق عن صلة عن عمار بن ياسر أخرجه ابن الأعرابي رقم الحديث: 165 ولا يصح أيضًا .

414- حديث صحيح موقوفًا من طريق المصنف أخرجه أبو نعيم في الحلية جلد 1 صفحه 278 . من طرق عن شعبة مثله موقوفًا أخرجه النسائي في الكبرى رقم الحديث: 11294' والبزار رقم الحديث: 2926' والطبرى جلد 15 صفحه 144 . من طرق عن أبي اسحاق مثله أخرجه الطبرى جلد 15 صفحه 144-145' والحاكم جلد 2

اَبِی اِسْحَاقَ، قَالَ: سَمِعْتُ صِلَةَ بْنَ زُفَرَ، یُحَدِّثُ عَنْ حُذَیْفَةَ، قَالَ: یُجْمَعُ النَّاسُ فِی صَعِیدٍ وَاحِدٍ فَلَا تَکَلَّمُ نَفْسٌ فَیَکُونُ اَوَّلَ مَدْعُوٍّ مُحَمَّدٌ صَلَّى اللّٰهُ عَلَیْهِ وَسَلَّمَ فَیَقُولُ: لَبَّیْکَ وَسَعْدَیْکَ وَالْخَیْرُ فِی یَدَیْکَ وَالشَّرُّ لَیْسَ اِلَیْکَ وَالْمَهْدِیُّ مَنْ هَدَیْتَ وَعَبْدُکَ بَیْنَ یَدَیْکَ، اَنَا بِکَ وَاِلَیْکَ تَبَارَکْتَ رَبَّنَا وَتَعَالَیْتَ سُبْحَانَکَ رَبَّ الْبَیْتِ، فَذَلِکَ قَوْلُهُ عَزَّ وَجَلَّ (عَسَى اَنْ یَبْعَثَکَ رَبُّکَ مَقَامًا مَحْمُودًا) (الاسراء: 79)

ایک میدان میں جمع کیا جائے گا کوئی جان کلام نہیں کرے گی' سو سب سے پہلے حضرت محمد ﷺ کو بلوایا جائے گا' آپ عرض کریں گے: ''لَبَّیْکَ وَسَعْدَیْکَ وَالْخَیْرُ فِی یَدَیْکَ وَالشَّرُّ لَیْسَ اِلَیْکَ وَالْمَهْدِیُّ مَنْ هَدَیْتَ وَعَبْدُکَ بَیْنَ یَدَیْکَ اَنَا بِکَ وَاِلَیْکَ تَبَارَکْتَ رَبَّنَا وَتَعَالَیْتَ سُبْحَانَکَ رَبَّ الْبَیْتِ'' یہی مراد ہے اللہ کے اس ارشاد کی کہ ''عَسَى اَنْ یَبْعَثَکَ رَبُّکَ مَقَامًا مَحْمُودًا'' (بنی اسرائیل: ۷۹) آپ کا رب آپ کو مقامِ محمود پر فائز کرے گا۔

415 — حَدَّثَنَا دَاوُدُ قَالَ: حَدَّثَنَا شُعْبَةُ، عَنِ

حضرت حذیفہ رضی اللہ عنہ سے روایت ہے کہ

صفحه363 . وقال الحاكم: صحيح على شرط الشيخين ووافقه الذهبي . وقال البزار: هكذا رواه شعبة عن أبي اسحاق عن صلة عن حذيفة . ورواه غير شعبة عن أبي اسحاق عن غير صلة عن حذيفة وقال أبو نعيم: رفعه عن أبي اسحاق جماعة . وروى عن ابن اسحاق به مرفوعًا أخرجه عاصم في السنة رقم الحديث: 789' من طريق حماد ابن سلمة عن عبد الله بن المختار من أبي اسحاق . من طريق موسى بن أعين عن ليث به أخرجه الطبراني في الأوسط رقم الحديث: 1058' والحاكم جلد4 صفحه573 .

415- حديث صحيح من طريق المصنف أخرجه الترمذي رقم الحديث: 262 . ومن طريقهه البغوى رقم الحديث: 622' وليس فيه ذكر الليل' وقال: حسن صحيح . من طرق عن شعبة به مثل رواية المصنف أخرجه الدارمي رقم الحديث: 1312' والترمذي رقم الحديث: 263' والنسائي رقم الحديث: 1007' وفي الكبرى رقم الحديث: 1080 . من طريق شعبة به مختصرًا أخرجه الطبراني في الدعاء رقم الحديث: 536-537-590-591 . من طرق أخرى عن شعبة به وليس فيه ذكر الليل أخرجه أحمد رقم الحديث: 23288-23392' وأبو داؤد رقم الحديث: 871' والطحاوى جلد1 صفحه 235 . من طريق الأعمش به من غير ذكر الليل أيضًا من طرق عن الأعمش به مطولًا أخرجه أحمد رقم الحديث: 23309-23415' ومسلم رقم الحديث: 772' والنسائي رقم الحديث: 1132' وابن حبان رقم الحديث: 2609' وأبو عوانة جلد2 صفحه168-169' والبيهقي جلد2 صفحه 85 . من طرق عن الأعمش به مختصرًا جدًا أخرجه عبد الرزاق رقم الحديث: 2875' وابن أبي شيبة

الْاَعْمَشِ، قَالَ: سَمِعْتُ سَعْدَ بْنَ عُبَيْدَةَ، يُحَدِّثُ عَنِ الْمُسْتَوْرِدِ بْنِ الْاَحْنَفِ، عَنْ صِلَةَ بْنِ زُفَرَ الْعَبْسِيِّ، عَنْ حُذَيْفَةَ، اَنَّهُ صَلَّى مَعَ النَّبِيِّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ بِاللَّيْلِ فَكَانَ يَقُولُ فِي رُكُوعِهِ: سُبْحَانَ رَبِّيَ الْعَظِيمِ، وَكَانَ يَقُولُ فِي سُجُودِهِ: سُبْحَانَ رَبِّيَ الْاَعْلَى، وَمَا اَتَى عَلَى آيَةِ رَحْمَةٍ اِلَّا وَقَفَ فَسَاَلَ وَلَا اَتَى عَلَى آيَةِ عَذَابٍ اِلَّا وَقَفَ فَتَعَوَّذَ

انہوں نے نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم کے ساتھ رات کو نماز پڑھی' آپ اپنے رکوع میں کہتے: ''سبحان ربی العظیم'' اور سجدہ میں کہتے: ''سبحان ربی الاعلیٰ'' اور آپ جب کسی رحمت والی آیت کو پڑھتے تو ٹھہر کر اللہ سے سوال کرتے' اور جب کسی عذاب والی آیت کو پڑھتے تو ٹھہر کر پناہ مانگتے تھے۔

416 حَدَّثَنَا دَاوُدُ قَالَ: حَدَّثَنَا شُعْبَةُ، قَالَ: اَخْبَرَنِي عَمْرُو بْنُ مُرَّةَ، سَمِعَ اَبَا حَمْزَةَ، يُحَدِّثُ عَنْ رَجُلٍ مِنْ عَبْسٍ - شُعْبَةُ يَرَى اَنَّهُ صِلَةُ بْنُ زُفَرَ - عَنْ حُذَيْفَةَ اَنَّهُ صَلَّى مَعَ النَّبِيِّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ،

حضرت حذیفہ رضی اللہ عنہ سے روایت ہے کہ انہوں نے نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم کے ساتھ نماز پڑھی۔ امام ابوداؤد فرماتے ہیں: یعنی رات کی نماز۔ سو جب آپ نے تکبیر کہی تو پڑھا: ''اَللّٰهُ اَكْبَرُ ذُو الْمَلَكُوتِ وَالْجَبَرُوتِ

جلد 1 صفحه 248' والنسائي رقم الحديث: 1008-1045' وابن ماجة رقم الحديث: 1351' وابن حبان رقم الحديث: 1897' والطبراني في الدعاء رقم الحديث: 535-536-589-590 .

416- حديث صحيح والرجل من بني عبس هو صلة كما قال شعبة وغيره . من طريق المصنف مختصرًا أخرجه البيهقي جلد 2 صفحه 121-122 . من طرق عن شعبة به وعند بعضهم مختصرًا أخرجه ابن المبارك في الزهد رقم الحديث: 101' وأحمد رقم الحديث: 23423' وأبو داؤد رقم الحديث: 874' والترمذي في الشمائل رقم الحديث: 262' والنسائي رقم الحديث: 1068-1144' والبزار رقم الحديث: 2934' والطحاوي في المشكل رقم الحديث: 712' والطبراني في الدعاء رقم الحديث: 523' والبغوي في الجعديات رقم الحديث: 87' والبيهقي في الأسماء والصفات صفحه 138' والبغوي في شرح السنة رقم الحديث: 910 . من طريق العلاء بن المسيب عن عمرو بن مرة فخالف شعبة أخرجه ابن أبي شيبة جلد 1 صفحه 231' والدارمي رقم الحديث: 1330' وأحمد رقم الحديث: 23447' والنسائي رقم الحديث: 1008-1664' والبزار رقم الحديث: 2935' والطبراني في الدعاء رقم الحديث: 524' وفي الأوسط رقم الحديث: 5689 . فقال: عن أبي حمزة عن حذيفة . وقال الحاكم: صحيح على شرط الشيخين . ووافقه الذهبي . من طريق حفص بن غياث عن العلاء بن المسيب به أخرجه ابن ماجة رقم الحديث: 897 .

قَالَ اَبُو دَاوُدَ: يَعْنِي صَلَاةَ اللَّيْلِ فَلَمَّا كَبَّرَ قَالَ: اَللّٰهُ اَكْبَرُ ذُو الْمَلَكُوتِ وَالْجَبَرُوتِ وَالْكِبْرِيَاءِ وَالْعَظَمَةِ، قَالَ: ثُمَّ قَرَاَ الْبَقَرَةَ قَالَ: ثُمَّ رَكَعَ فَكَانَ رُكُوعُهُ مِثْلَ قِيَامِهِ فَجَعَلَ يَقُولُ فِي رُكُوعِهِ: سُبْحَانَ رَبِّيَ الْعَظِيمِ سُبْحَانَ رَبِّيَ الْعَظِيمِ، ثُمَّ رَفَعَ رَاْسَهُ مِنَ الرُّكُوعِ فَقَامَ مِثْلَ رُكُوعِهِ فَقَالَ: اِنَّ لِرَبِّيَ الْحَمْدَ، ثُمَّ سَجَدَ وَكَانَ فِي سُجُودِهِ مِثْلَ قِيَامِهِ وَكَانَ يَقُولُ فِي سُجُودِهِ: سُبْحَانَ رَبِّيَ الْاَعْلَى، ثُمَّ رَفَعَ رَاْسَهُ مِنَ السُّجُودِ وَكَانَ يَقُولُ بَيْنَ السَّجْدَتَيْنِ: رَبِّ اغْفِرْ لِي رَبِّ اغْفِرْ لِي، وَجَلَسَ بِقَدْرِ سُجُودِهِ، قَالَ حُذَيْفَةُ: فَصَلَّى اَرْبَعَ رَكَعَاتٍ يَقْرَاُ فِيهِنَّ الْبَقَرَةَ وَآلَ عِمْرَانَ، وَالنِّسَاءَ، وَالْمَائِدَةَ اَوِ الْاَنْعَامَ شَكَّ شُعْبَةُ

وَالْكِبْرِيَاءِ وَالْعَظَمَةِ ''پھر آپ نے سورۂ بقرہ پڑھی۔ کہا کہ پھر رکوع کیا' تو آپ کا رکوع آپ کے قیام کی مثل تھا' پس آپ نے اپنے رکوع میں ''سبحان ربی العظیم' سبحان ربی العظیم ''پڑھا' پھر اپنا سر مبارک اُٹھایا رکوع سے' تو آپ کا قیام بھی آپ کے رکوع کی مثل تھا' پھر آپ نے کہا: ''اِنَّ لِرَبِّيَ الْحَمْدَ'' پھر آپ نے سجدہ کیا' اور آپ کا سجدہ بھی آپ کے قیام کی مثل تھا' اور آپ نے سجدہ میں ''سبحان ربی الاعلیٰ ''پڑھا' پھر سجدے سے سر اُٹھایا اور دونوں سجدوں کے درمیان پڑھا: ''رب اغفرلی' رب اغفرلی ''اور آپ کے دونوں سجدوں کے درمیان قعدہ بھی آپ کے سجدہ کی مثل تھا۔ حضرت حذیفہ رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ آپ نے چار رکعت پڑھی تھیں' اُن میں سورۂ بقرہ' آل عمران' النساء' المائدہ یا الانعام پڑھی' امام شعبہ کو شک ہے۔

417 ـ حَدَّثَنَا اَبُو دَاوُدَ قَالَ: حَدَّثَنَا شُعْبَةُ، عَنْ مَنْصُورٍ، قَالَ: سَمِعْتُ رَجُلًا فِي جَنَازَةِ حُذَيْفَةَ وَاَظُنُّهُ رِبْعِيَّ بْنَ حِرَاشٍ قَالَ: سَمِعْتُ صَاحِبَ هَذَا السَّرِيرِ

حضرت منصور فرماتے ہیں کہ میں نے حضرت حذیفہ رضی اللہ عنہ کے جنازے میں ایک آدمی سے سنا اور میرا گمان ہے کہ وہ حضرت ربعی بن حراش رضی اللہ عنہ تھے'

417- حديث صحيح وما جاء في الطرق الأخرى من قول ربعي: سمعت رجلًا في جنازة حذيفة ۔ لا يعلمه لامكان الجمع بين الطريقين بأن ربعيًا كان حاضرًا حديثهما وهو ما يتأيد برواية سفيان عن منصور الأتية ۔ والحديث قد رواه غندر عن شعبة عن منصور عن ربعي قال: سمعت رجلًا في جنازة حذيفة يقول: سمعت صاحب هذا السرير ...... فذكره أخرجه ابن أبي شيبة جلد15صفحه21' وأحمد رقم الحديث: 23355' ورواه شيبان عن منصور به مثله أخرجه أحمد رقم الحديث: 23383' ورواه سفيان عن منصور واختلف عنه فرواه قبيصة بن عقبة عن الثوري عن منصور به مثله أخرجه ابن مردويه كما في التفسير لابن كثير جلد 3صفحه81 ۔ ورواه وكيع عند ابن أبي شيبة جلد15صفحه17' وحسين بن حفص عند الحاكم جلد4صفحه444 ۔ كلاهما عن سفيان عن منصور ۔

يَقُولُ: مَا بِي بَأْسٌ بَعْدَ مَا سَمِعْتُ مِنْ رَسُولِ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ وَلَئِنِ اقْتَتَلْتُمْ لَأَدْخُلَنَّ بَيْتِي فَإِنْ دُخِلَ عَلَيَّ لَأَقُولَنَّ: هَا بُؤْ بِإِثْمِي وَإِثْمِكَ

انہوں نے فرمایا: میں نے اس صاحبِ جنازہ سے سنا ہے' فرماتے تھے: میرے لیے اس میں کوئی حرج نہیں جب سے میں نے رسول اللہ ﷺ سے یہ حدیث سنی ہے: اگر تم لڑنے نکلو گے تو میں انہیں اپنے گھر میں داخل کروں گا' سو اگر وہ میرے ہاں داخل ہو گیا تو میں ضرور کہوں گا: آ ؤ! میرا اور اپنا گناہ لے کر واپس جاؤ۔

418 ـ حَدَّثَنَا أَبُو دَاوُدَ قَالَ: حَدَّثَنَا أَبُو عَوَانَةَ، عَنْ أَبِي مَالِكٍ الْأَشْجَعِيِّ، عَنْ رِبْعِيِّ بْنِ حِرَاشٍ، عَنْ حُذَيْفَةَ، قَالَ: قَالَ رَسُولُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ: فُضِّلْنَا عَلَى النَّاسِ بِثَلَاثٍ: جُعِلَ صُفُوفُنَا كَصُفُوفِ الْمَلَائِكَةِ وَجُعِلَتْ الْأَرْضُ لَنَا مَسْجِدًا وَتُرَابُهَا طَهُورًا، وَأُعْطِيتُ آخِرَ سُورَةِ الْبَقَرَةِ فَهُنَّ مِنْ كَنْزٍ مِنْ بَيْتٍ مِنْ تَحْتِ الْعَرْشِ

حضرت حذیفہ رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ رسول اللہ ﷺ نے فرمایا: ہم کو دوسرے لوگوں پر تین لحاظ سے فضیلت دی گئی ہے' ہماری صفوں کو فرشتوں کی صفوں کی طرح بنایا گیا ہے اور ہمارے لیے زمین کو مسجد بنا دیا گیا ہے اور ہمارے لیے اس کی مٹی کو پاک بنا دیا گیا ہے' اور مجھے سورۂ بقرہ کی آخری تین آیات دی گئی ہیں اور یہ عرش الٰہی کے خزانے کے نیچے سے دی گئی ہیں۔

419 ـ حَدَّثَنَا أَبُو دَاوُدَ قَالَ: حَدَّثَنَا أَبُو عَوَانَةَ،

حضرت حذیفہ رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ تمہارے

